Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
ملتان اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 0333-9233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | ہفتہ 30 نومبر 2024ء 27 جمادی الاول 1446ھ قیمت 15 روپے | شمارہ 81

غیرملکی شہریوں کی پاکستانی سیاسی احتجاجوں میں شرکت غیرقانونی ہے، دفتر خارجہ

احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا گیا، تفصیلات وزارت داخلہ جاری کرے گی، تمام غیرملکی پاکستان کے سیاسی معاملات سے دور رہیں، حکومت پاکستان اور تحریک طالبان پاکستان کے درمیان کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے

فلسطین میں اسرائیلی مظالم کی مذمت، غیرمشروط جنگ بندی کا مطالبہ، عالمی برادری اسرائیل کو جوابدہ ٹھہرائے، وزیرخارجہ اسحاق ڈار 2 تا 3 دسمبر ایران کا دورہ کریں گے، ای سی او وزرائے خارجہ اجلاس میں شریک ہوں گے، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کی ترجمان ... پاکستانی سیاسی احتجاجوں میں شرکت غیرقانونی ہے ... احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا گیا ہے ... تمام غیرملکی شہریوں کو پاکستان کے سیاسی معاملات سے دور رہنا چاہیے ... (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے صحافی مطیع اللہ کا جسمانی ریمانڈ معطل کر دیا

مطیع اللہ کو من گھڑت مقدمے میں گرفتار کیا گیا، وکیل، عدالتی ریمانڈ پر تصور کیا جائے، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے صحافی مطیع اللہ جان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ معطل کر دیا ... (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، آرمی چیف جنرل عاصم منیر بہترین کارکردگی دکھانے پر سپاہی آفتاب کو اعلیٰ ترین فوجی اعزاز سے نواز رہے ہیں

جتھے اسلام آباد میں تباہی پھیلانے آئے، وزیراعظم

احتجاج، دھرنوں سے ملک کو یومیہ 190 ارب روپے کا نقصان، 2014 میں 126 دن معیشت کی تباہی کی گئی، دنیا کے سامنے جو تماشا لگا، الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیچھے باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی

دشمنان پاکستان اگر اس صورتحال کو خراب کرنا چاہتے ہیں تو ہم انہیں ایسا کرنے نہیں دیں گے، ہمیں ہر چیز کرنی چاہیے جس سے ہم دشمنان پاکستان کے ہاتھ نہ صرف روکیں بلکہ ان کو توڑ دیں، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف پر سخت تنقید کرتے ہوئے ... اسلام آباد میں تباہی پھیلائی، احتجاج اور دھرنوں سے ملک کو یومیہ 190 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے ... 2014 میں 126 دن (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

توشہ خانہ ٹو کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کیخلاف فرد جرم کی کارروائی پھر موخر

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ ٹو کیس میں فرد جرم کی کارروائی (بقیہ نمبر 33)

دھرنا سنگجانی نہ لے جانے کے ذمہ دار بانی ہیں، شیر افضل مروت

علی امین گنڈاپور تو چھبیس نمبر چورنگی سے بھی آگے نہیں جانا چاہتے تھے، وہ پریشان تھے، انٹرویو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے دھرنا سنگجانی نہ لے جانے کی ذمے داری بانی پی ٹی آئی پر ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرسٹر گوہر نے بانی پی ٹی آئی کو سنگجانی پر دھرنا دینے کی حکومتی پیش کش سے آگاہ کیا مگر بانی پی ٹی آئی سنگجانی میں دھرنے پر راضی نہیں ہوئے۔ نجی ٹی وی کے (بقیہ نمبر 34)

پی ٹی آئی والے ذاتی و سیاسی مفادات کیلئے وطن فروشی کررہے ہیں، وزیر دفاع

آرمی چیف کے آگے سجدہ ریز ہونے کو تیار ... بات نہ بنے تو پھر دوبارہ 9 مئی کی کوشش اور امریکی غلامی منظور

پاکستان کو دوبری شہرت سے نقصان ... فلسطین کے حق میں آواز نہیں اٹھائی ... خواجہ آصف

... (بقیہ نمبر 3)

پاکستان سٹاک ایکسچینج: مثبت رجحان، انڈیکس نے نئی بلندی عبور کرلی

294 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 377 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری سرگرمیوں کے دوران مثبت رجحان دیکھنے میں آرہا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے 100 انڈیکس میں 294 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 377 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ اب تک کے کاروبار (بقیہ نمبر 4)

وی پی این رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کی جائے، انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز

اسلام آباد (این این آئی) وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن نے وی پی اینز کی رجسٹریشن کی تاریخ میں (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ پنجاب نے اربن فلڈنگ روکنے کیلئے جدید مشینری خریدنے کی اصولی منظوری دیدی

موٹرویز، ہائی ویز، ریلوے ٹریک کے نیچے سیلابی راستوں کی صفائی کی ہدایت، بارشی پانی کا نکاس یقینی بنانے کیلئے گرین بیلٹس کا لیول نیچے کرنے کے منصوبے کی منظوری

شہروں میں راستے ڈوب جاتے ہیں، سیوریج کا نظام بہتر بنانا ہوگا، لوگوں کی تکالیف کے پیش نظر سیوریج سسٹم کی بحالی اور بہتری کی ترجیحات کا تعین کیا جائے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اربن فلڈنگ روکنے کیلئے جدید مشینری خریدنے کی اصولی منظوری دیدی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں پنجاب میں اربن فلڈنگ، دریائی سیلاب اور رودکوہیوں سے نمٹنے کے لئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، وزیراعلیٰ مریم نواز نے عوام کے تحفظ کے لئے جامع فلڈنگ پلان طلب کر لیا۔ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب نے اربن فلڈنگ روکنے کے لئے مشینری خریدنے کی اصولی منظوری دے دی جبکہ موٹرویز، ہائی ویز اور ریلوے ٹریک کے نیچے سیلابی راستوں کی صفائی کی ہدایت کردی، روڈز سے بارش کے پانی کا نکاس یقینی بنانے کے لئے گرین بیلٹس کا لیول نیچے کرنے کے منصوبے کی منظوری بھی دیدی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے سیلابی نالوں کی بروقت صفائی، بحالی اور فلڈنگ کے سدباب کے لئے قوانین کے (بقیہ نمبر 6)

لاہور، پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ پریس کانفرنس کررہے ہیں

عدالت نے سڑکوں اور موٹرویز کی بندش کیخلاف درخواست نمٹادی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سڑکوں اور موٹرویز کی بندش (بقیہ نمبر 7)

پاکستان پیپلز پارٹی کا 57واں یوم تاسیس آج منایا جائے گا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کا 57واں یوم تاسیس آج (ہفتہ) (بقیہ نمبر 9)

سمبر وزیراعظم تک نہیں پہنچتی تو پی ٹی آئی لکھ دیں جلد پہنچ جائیگی

عافیہ صدیقی رہائی کیس — اسلام آباد ہائیکورٹ

وفد میں حکومت کی طرف سے کوئی نہیں تھا، پہلے انوشہ رحمٰن کا بتایا گیا اب وہ نہیں جارہیں، پھر عرفان صدیقی کا بتایا اب پتہ چلا ہے وہ بھی نہیں ہیں، آفیشل ویزا چاہیے، وہ ابھی نہیں آیا، وکیل

انٹرنیٹ سست ہے آپکی آواز نہیں آرہی، جسٹس سردار اعجاز اسحٰق کا کلائیو اسمتھ سے مکالمہ، اب کیا پی ٹی اے کو نوٹس کردوں کہ عدالت میں بھی انٹرنیٹ صحیح کام نہیں کررہا، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عافیہ صدیقی رہائی کی درخواست پر سماعت کے دوران دلچسپ ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کو سمری بھیجیں، وہ دیکھیں امریکا جانے والے وفد کا خرچہ کون دے گا، اگر سمری وزیراعظم تک نہیں پہنچتی تو اس پر پی ٹی آئی لکھ دیں، پی ٹی آئی لکھنے سے جلدی پہنچ جائیگی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عافیہ صدیقی رہائی کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت عالیہ نے وزارت خارجہ کو امریکا جانے والے وفد کے سفری اخراجات سے متعلق سمری وزیراعظم کو بھیجنے کی ہدایت کردی۔ جسٹس سردار اعجاز نے دلچسپ ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کو سمری بھیجیں وہ دیکھیں امریکہ جانیوالے وفد کا خرچہ کون دے گا، اگر سمری وزیراعظم تک نہیں پہنچتی تو اس پر پی ٹی آئی لکھ دیں، جلدی پہنچ جائے گی، وکیل نے موقف اختیار کیا کہ وفد میں حکومت کی طرف سے کوئی نہیں (بقیہ نمبر 31)

یکم دسمبر سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافے کا امکان

اسرائیل حزب اللہ کی جنگ بندی کی وجہ سے عالمی منڈیوں میں پی او ایل کی قیمتوں میں کمی کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) موجودہ 15 دن کے آخری 12 دنوں میں بین الاقوامی قیمتوں میں ہونے والے معمولی اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے یکم دسمبر 2024 سے پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میں 2.87 فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ تاہم متعلقہ حکام اسرائیل (بقیہ نمبر 8)

لاک ڈاؤن، احتجاج، معاشی سرگرمیاں متاثر، ٹیکس خسارہ بڑھنے کا امکان

نومبر تک ہدف 1003 ارب تھا اس کے مقابلے میں صرف 700 ارب روپے اکٹھے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں گزشتہ دنوں ہونے والے احتجاج اور لاک ڈاؤن کے بعد اقتصادی سرگرمیاں متاثر ہوئیں جس سے حکومتی محصولات میں 160 ارب تک (بقیہ نمبر 10)

کرم، جنگ بندی معاہدے کے باوجود جھڑپیں، مزید 3 افراد جاں بحق

8 روز سے جاری جھڑپوں میں اموات کی تعداد 110 ہوگئی، زخمیوں کی تعداد 151 تک جا پہنچی

کرم (این این آئی) فریقین کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے باوجود جھڑپوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں مزید 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ چند روز قبل کرم میں فریقین کے درمیان (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر اورنگزیب آئی ٹی ایم سپیکٹرم سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چین اور پنجاب کے مابین مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پنجاب حکومت کا الیکٹرک وہیکلز کے فروغ پر فوکس ہے، ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے گارمنٹ سٹی بنایا جارہا ہے، صوبائی وزیر تجارت شافع حسین

پنجاب میں چینی کمپنیوں کی سرمایہ کاری بڑھائیں گے، کوشش کریں گے چین کی مزید کمپنیاں پنجاب میں سرمایہ کاری کریں، چینی قونصل جنرل

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے چائینیز قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرن سے ملاقات کی۔ پنجاب میں چینی کمپنیوں کی سرمایہ کاری، چینی سرمایہ کاروں کی سکیورٹی اور اگلے ماہ پنجاب کے اعلیٰ سطح کے وفد کے دورہ چین پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے معاہدے کی تجدید پر بھی بات چیت کی گئی۔ چینی قونصل جنرل نے پنجاب میں سرمایہ (بقیہ نمبر 12)

مطیع اللہ جان کا جرم یہ ہے کہ انکے پاس ہسپتالوں کا ڈیٹا ہے، بیرسٹر سیف

جعلی وزراء پریس کانفرنسز کے ذریعے اسلام آباد کے ہسپتالوں کا ڈیٹا چھپانے کی کوشش کررہے ہیں

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ مطیع اللہ جان کا جرم یہ ہے کہ ان کے پاس اسپتالوں کا ڈیٹا ہے۔ پی ٹی آئی احتجاج کے خاتمے کے بعد (بقیہ نمبر 13)

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چوہدری منشاء کی رہائشگاہ پر پیپلز پارٹی کے 57 یوم تاسیس کا کیک وقاص پرنس، چوہدری شوکت ملک اویس، مرتضیٰ اعوان، بابا رشید، بلال، رحمت علی، نواز شاہ اور دیگر کاٹ رہے ہیں

شیر افضل مروت کو گرفتار نہ کرنے کا حکم، درج مقدمات کی رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی چوک احتجاج پر شیر افضل (بقیہ نمبر 14)

جے آئی ٹی نے امتیاز محمود شیخ کو عسکری ٹاور حملہ کیس میں گناہ گار قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) نومئی عسکری ٹاور حملہ سمیت 3 مقدمات میں صدر پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 15)

لاہور میں الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی جانب بڑا (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر ایک جوان کو ایوارڈ سے نواز رہے ہیں

پنجاب بھر کی جیلوں میں قیدیوں کی جانچ کیلئے ماہرین نفسیات تعینات

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر پنجاب بھر کی جیلوں میں سینئر اور جونیئر سائیکالوجسٹ تعینات کیے گئے

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی فلاح کیلئے جیل سائیکالوجسٹ کے ایس او پیز جاری کر دیئے۔ جیل سائیکالوجسٹ ہر قیدی کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت (بقیہ نمبر 17)

انڈسٹریل سیکٹر، عوام کے تعاون کے بغیر آلودگی پر قابو پانا ممکن نہیں، مریم اورنگزیب

صاف ستھرا پاکستان، ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عوام کو حکومت کیساتھ مل کر کردار ادا کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر میں انسداد سموگ آپریشن تیز کردیا گیا ہے، اس مہم کے تحت لاہور میں کئی اہم اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ (بقیہ نمبر 18)

گوشوارے جمع نہ کروانے پر بیرسٹر گوہر و عمر ایوب کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے گوشوارے جمع نہ کروانے پر بیرسٹر گوہر (بقیہ نمبر 21)

ایل پی جی کاروبار میں قوانین کی خلاف ورزی پر سزائیں دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی قوانین کی خلاف ورزی پر سخت (بقیہ نمبر 20)

سموگ، ہر 10 میں سے 7 پاکستانیوں کو صحت کے مسائل کا سامنا، سروے

مسائل میں کھانسی، نزلہ اور سانس لینے میں دشواری کی علامات عام ہیں، رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) عالمی ادارے اپسوس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں اسموگ کی وجہ سے ہر 10 افراد میں سے 7 لوگوں کو صحت کے مسائل کا سامنا ہے، ان (بقیہ نمبر 22)

سینئر صحافی کو اغواء، منشیات کا مقدمہ ڈالنے کی مذمت

مطیع اللہ جان کیخلاف جھوٹا مقدمہ واپس نہ لیا تو آج ملک گیر احتجاج کرینگے، صحافتی تنظیمیں

اسلام آباد (این این آئی) راولپنڈی / اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ کے زیر اہتمام صحافی مطیع اللہ جان پر منشیات اور اسد علی طور اور لاہور کے صحافی شاکر خان پر درج بے بنیاد (بقیہ نمبر 23)

سموگ تدارک کیس، تعمیرات پر پابندی برقرار، ورک فرام ہوم پالیسی بنانے کا حکم

تحقیقات ہونی چاہیے کاٹے گئے درخت کہاں جاتے ہیں، اگر درخت کاٹنے کی بات درست ہوئی تو ذمہ داروں کیخلاف مقدمہ درج کرایا جائے گا

جب تک ڈپٹی کمشنرز کے تبادلے نہیں کرینگے معاملات درست نہیں ہوں گے، لاہور ہائیکورٹ، سموگ تدارک کیس کی مزید سماعت 3 دسمبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس میں تعمیرات پر پابندی برقرار رکھنے اور سکولوں، دفاتر کے لیے ورک فرام ہوم پالیسی بنانے کے احکامات جاری کردیئے۔ لاہور ہائیکورٹ میں سموگ تدارک کیس کی سماعت ہوئی، ممبر کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ ٹاؤن شپ میں الیکٹرک بسوں کے ڈپو بنانے کے لیے درخت کاٹے گئے ہیں، اطلاعات ہیں یہ تمام درخت کاٹ کر ٹمبر مارکیٹ میں فروخت کیے جاتے ہیں۔ عدالت نے کہا (بقیہ نمبر 30)

کراچی ایئرپورٹ پر چینی شہریوں پر حملہ، تفتیش کے لیے جے آئی ٹی تشکیل

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر چینی شہریوں پر حملے میں ملوث (بقیہ نمبر 28)

پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کا سجاول میں تیل و گیس کی نئی دریافت کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ نے سندھ کے ضلع سجاول میں واقع پانچی ایکس ون کنویں سے ہائیڈرو کاربن کی (بقیہ نمبر 27)

مطیع اللہ جان پر عائد الزامات مذاق ہیں، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور رہنما پیپلز پارٹی رضا ربانی نے صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری کو بلاجواز قرار دے (بقیہ نمبر 26)

1500 سے زائد برآمد کنندگان ٹیکس فری درآمدات سے فائدہ اٹھارہے ہیں، ایف بی آر

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ایکسپورٹ سہولت اسکیم کے تحت 1500 سے زائد برآمد کنندگان ڈیوٹی اور ٹیکس فری درآمدات کی سہولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 24)

آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے منظم سازش کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

طلبہ نے جھوٹے پروپیگنڈے کو روکنا ہے، سرفراز بگٹی کا سکوٹیاں تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ دیگر ممالک میں بیٹھ کر ہمارے خلاف آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے منظم سازش کی جارہی ہے۔ گرلز کالج کوئٹہ میں اسکوٹیاں تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 29)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو خصوصی اجلاس کے دوران اربن فلڈنگ اور سوریج سسٹم سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

پاکستان کے عوام اور پارلیمان فلسطینی بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں، ایاز صادق

اسرائیلی بربریت فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی تحریک کو نہیں دبا سکتی، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے فلسطینی عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اور پارلیمان اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حق خود ارادیت کی حمایت کرتے ہیں، اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی (بقیہ نمبر 25)

یورپ کیلئے پی آئی اے کی پروازوں پر عائد پابندی ختم کردی گئی

ایاسا نے اپنے مکتوب میں وزارت ہوابازی اور پی آئی اے انتظامیہ کو باضابطہ آگاہ کردیا، ترجمان پی آئی اے

یہ ایک تاریخی دن ہے، یہ کامیابی وزارت ہوابازی کی مکمل توجہ سے ممکن ہوئی، وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ آصف کی گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) یورپی کمیشن اور یورپی ایوی ایشن سیفٹی ایجنسی (ایاسا) نے پی آئی اے کی یورپ کے لیے پروازوں پر عائد پابندی ختم کردی۔ ترجمان پی آئی اے نے بیان میں کہا کہ یورپی ایئر سیفٹی ایجنسی کی جانب سے پاکستانی ایئرلائنز سے پابندی اٹھانے کا فیصلہ ہوگیا اور یہ پاکستان کی ہوابازی کی صنعت کے لیے اہم ترین خبر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایاسا نے اپنے مکتوب میں وزارت ہوابازی اور پی آئی اے انتظامیہ کو باضابطہ (بقیہ نمبر 19)

کراچی، فلسطین میں اسرائیلی حملوں کیخلاف سول سوسائٹی کے زیراہتمام احتجاج کیا جارہا ہے

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان



جدید غلامی کے خلاف جدوجہد ایک اخلاقی ذمہ داری

دنیا بھر میں 50 ملین سے زائد افراد جدید غلامی کا شکار ہیں

قادر خان یوسف زئی

2 دسمبر غلامی کے خاتمے کے بین الاقوامی دن کی مناسبت سے منایا جائے گا اس دن کا مقصد جدید غلامی کی تمام صورتوں جیسے انسانی اسمگلنگ، جنسی استحصال، بچوں کی بدترین مشقت، جبری شادی اور بچوں کی مسلح تنازعات میں جبری بھرتی کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ غلامی نے تاریخ کے مختلف ادوار میں مختلف شکلیں اختیار کی ہیں لیکن آج بھی اس کی پرانی اور جدید دونوں صورتیں موجود ہیں۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں نے ان پرانی غلامی کی صورتوں کو دستاویزی شکل دی ہے جو کمزور ذات، قبائلی اقلیتوں اور مقامی گروہوں جیسے کمزور طبقات کے خلاف صدیوں سے جاری امتیازی سلوک کا نتیجہ ہیں، جدید غلامی کی نئی اقسام بھی سامنے آئی ہیں، جن میں جبری مشقت، بچوں سے مشقت اور انسانی اسمگلنگ شامل ہیں۔

جبری مشقت غلامی کی سب سے عام شکل ہے جس میں افراد کو دھوکہ دہی، دھمکی یا زبردستی کے ذریعے مختلف صنعتوں میں کام پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ مزدور تعمیرات، گھریلو کام، زراعت اور ملبوسات کی صنعت جیسے شعبوں میں استحصال کا شکار ہوتے ہیں۔ بچوں سے مشقت دنیا بھر میں ایک سنگین مسئلہ ہے جہاں ہر برس لاکھوں بچے اسکول کے بجائے کام کرتے ہیں۔ یہ عمل بچوں کے حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے جو ان کی تعلیم، صحت اور سماجی ترقی پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ انسانی اسمگلنگ بھی جدید غلامی کی ایک اہم شکل ہے، جس میں افراد کو معاشی یا جنسی استحصال کے لیے اسمگل کیا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کے پروٹوکول کے مطابق، انسانی اسمگلنگ میں افراد کی بھرتی، نقل و حمل یا منتقلی شامل ہوتی ہے جو دھوکہ دہی یا جبر کا ذریعہ بنتی ہے۔ یہ ایک سنگین جرم ہے جو بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، خاص طور پر جب اسمگل شدہ افراد میں بچے شامل ہوں۔ انسانی اسمگلنگ کے ذریعے حاصل کردہ استحصال میں جسم فروشی، جبری مشقت اور اعضاء کی غیر قانونی خرید و فروخت شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے اس بات پر زور دیتے ہیں کہ غلامی کے متاثرین کو قانونی مدد، معاشی وسائل اور نفسیاتی حمایت فراہم کی جانی چاہیے تاکہ وہ ایک بہتر زندگی گزار سکیں۔

جدید غلامی ایک سنگین عالمی مسئلہ بن چکا ہے جو فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ بین الاقوامی محنت تنظیم (ILO) کی حالیہ رپورٹ کے مطابق، جبری مشقت اور جبری شادی کے متاثرین کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ 2021 میں، 2016 کے مقابلے میں 10 ملین زیادہ افراد جدید غلامی کا شکار تھے، جس سے دنیا بھر میں متاثرین کی کل تعداد 50 ملین تک پہنچ گئی۔ خواتین اور بچے اس استحصال کا سب سے زیادہ شکار ہوتے ہیں، جو اس مسئلے کے حل کے لیے فوری اور مخصوص اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ جدید غلامی میں مختلف اقسام کی استحصالی سرگرمیاں شامل ہیں، جن میں جبری مشقت، قرض کی غلامی، جبری شادی اور انسانی اسمگلنگ شامل ہیں۔ حالانکہ اس کی کوئی قانونی تعریف موجود نہیں، لیکن یہ اصطلاح ایسے حالات کو ظاہر کرتی ہے جہاں افراد دھمکی، جبر، تشدد یا فریب کے باعث اپنی حالت سے نکلنے کے قابل نہیں ہوتے۔ یہ مسئلہ کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ تقریباً ہر ملک میں موجود ہے اور نسلی، ثقافتی اور مذہبی حدود سے بالاتر ہے۔ ILO کے مطابق، 52 فیصد جبری مشقت کے کیسز اور 25 فیصد جبری شادی کے کیسز درمیانی یا زیادہ آمدنی والے ممالک میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اعداد و شمار اس تاثر کو چیلنج کرتے ہیں کہ جدید غلامی صرف ترقی پذیر ممالک کا مسئلہ ہے اور یہ ثابت کرتے ہیں کہ استحصال کی جڑیں معاشی سطح پر ہر جگہ موجود ہیں۔

جبری مشقت کا مسئلہ بھی ایک سنگین عالمی چیلنج بن چکا ہے جس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ بین الاقوامی محنت تنظیم (ILO) کی حالیہ رپورٹ "منافع اور غربت، جبری مشقت کی معیشت" میں خطرناک اعداد و شمار سامنے آئے ہیں۔ اس رپورٹ کے مطابق، جبری مشقت سے پیدا ہونے والا سالانہ عالمی منافع 236 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ چکا ہے، جو ان مزدوروں کی چوری شدہ اجرت کی نمائندگی کرتا ہے جو پہلے ہی اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ استحصال نہ صرف متاثرین کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ وسیع تر اقتصادی اثرات جیسے کہ حکومتی ٹیکس کی آمدنی میں کمی اور مجرمانہ نیٹ ورکس کو تقویت دینا بھی مرتب کرتا ہے۔ 2021 میں جبری مشقت کا شکار افراد کی تعداد 27.6 ملین تھی، جو 2016 کے مقابلے میں 2.7 ملین زیادہ ہے۔ یہ اضافہ بنیادی طور پر نجی طور پر مسلط کردہ جبری مشقت کی وجہ سے ہوا ہے۔ یہ مسئلہ کسی بھی خطے تک محدود نہیں بلکہ دنیا بھر میں موجود ہے، اور زیادہ تر متاثرین ایشیا اور پیسفک (15.1 ملین)، یورپ اور وسطی ایشیا (4.1 ملین)، افریقہ (3.8 ملین)، امریکہ (3.6 ملین) اور عرب ممالک (0.9 ملین) میں پائے جاتے ہیں۔ عرب ممالک میں یہ مسئلہ سب سے زیادہ شدت اختیار کر چکا ہے جہاں ہر ہزار افراد میں سے 5.3 جبری مشقت کا شکار ہیں، جبکہ دیگر ممالک کے اعداد و شمار بھی تشویش ناک ہیں۔ جبری مشقت کے 86 فیصد کیسز نجی شعبے میں ہوتے ہیں، جن میں 63 فیصد مزدوری کے استحصال اور 23 فیصد جنسی استحصال سے جڑے ہیں۔ متاثرہ شعبوں میں صنعت، خدمات، زراعت اور گھریلو کام شامل ہیں، جو مجموعی طور پر 89 فیصد جبری مشقت کے کیسز کی نمائندگی کرتے ہیں۔

جبری مشقت کے معاشی اثرات بھی شدید ہیں۔ اس غیر قانونی عمل سے پیدا ہونے والا منافع 2014 کے مقابلے میں 64 ارب امریکی ڈالر (37 فیصد) بڑھ چکا ہے۔ اسمگلرز اب ہر متاثرہ شخص سے تقریباً 10,000 امریکی ڈالر کماتے ہیں، جو ایک دہائی قبل 8,269 امریکی ڈالر کے قریب تھا۔ مختلف خطوں میں غیر قانونی منافع کے حصول میں یورپ اور وسطی ایشیا سے 84 ارب امریکی ڈالر، ایشیا اور پیسفک میں 62 ارب امریکی ڈالر، امریکہ میں 52 ارب امریکی ڈالر، افریقہ میں 20 ارب امریکی ڈالر، اور عرب ریاستیں میں 18 ارب امریکی ڈالر کا تخمینہ ہے۔ نجی طور پر مسلط کردہ مزدوری میں جنسی استحصال کے کیسز کل غیر قانونی منافع کا 73 فیصد ہیں، حالانکہ یہ کیسز متاثرہ افراد کے کل تعداد کا صرف 27 فیصد ہیں۔ اس بحران سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملیوں کی ضرورت ہے۔ حکومتوں کو جبری مشقت کے خلاف قوانین کو مضبوط کرنا ہوگا اور سخت سزائیں نافذ کرنی ہوں گی۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے فنڈنگ میں اضافہ، غیر قانونی منافع کے بہاؤ کو روکنے اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے میں مدد دے سکتا ہے۔ غربت، تعلیم کی کمی، صنفی عدم مساوات اور نقل مکانی جیسے سماجی و اقتصادی عوامل کو حل کرنا بھی ناگزیر ہے تاکہ افراد کو جبری مشقت کا شکار ہونے سے بچایا جا سکے۔ متاثرین کی بحالی اور انہیں وسائل فراہم کرنا بھی اہم ہے تاکہ وہ دوبارہ معاشرے میں شامل ہو سکیں۔ گو کہ 2024 میں، جدید غلامی کے خاتمے کی کوششیں مزید اہم ہو چکی ہیں۔ عالمی بیداری مہمات کا آغاز کیا جا رہا ہے تاکہ کمیونٹیز کو جبری مشقت کی علامات سے آگاہ کیا جا سکے۔ مختلف ممالک میں انسانی اسمگلنگ کے خلاف قوانین کو مضبوط بنایا جا رہا ہے، اور کاروباروں کو اخلاقی طریقے اپنانے پر زور دیا جا رہا ہے۔

"منافع اور غربت" کی رپورٹ اس بات کی یاد دہانی ہے کہ جبری مشقت کا مسئلہ کس قدر وسیع ہے اور اس کے افراد اور معاشروں پر کتنے سنگین اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہ امر اہم ہے کہ حکومتیں، تنظیمیں اور افراد مل کر اس استحصال کو ختم کرنے کے لیے کام کریں۔ اس مسئلے کی معاشی وجوہات کو سمجھیں اور ان کے حل پر توجہ دیں تو انسانی حقوق کی حفاظت اور سماجی انصاف کے فروغ کے لیے اہم اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ جدید غلامی کا خاتمہ ایک جامع حکمت عملی کا تقاضا کرتا ہے، جس میں حکومتوں، کاروباری اداروں، سماجی تنظیموں اور عام لوگوں کو شامل ہونا چاہیے۔ قوانین کو مضبوط بنانا، عوامی آگاہی پیدا کرنا، متاثرین کو سہولت فراہم کرنا، اور کاروباری ذمہ داری کو فروغ دینا اس مسئلے کے حل کی کلید ہیں۔ مل کر ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں ہر فرد آزادی، عزت اور وقار کے ساتھ زندگی گزار سکے۔ جدید غلامی کے خلاف جدوجہد ایک اخلاقی ذمہ داری ہی نہیں بلکہ مشترکہ ذمہ داری بھی ہے۔



صنعت و تجارت

فری لانسرز ڈیجیٹل معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں: فراز الرحمان

نوجوان پیشہ ور افراد نے خودکار نظام، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجیز میں مہارت حاصل کر کے پاکستان کو عالمی سطح پر ٹیکنالوجی کا ایک مضبوط حریف بنا دیا

غیر مستحکم، غیر قابل اعتماد انٹرنیٹ سہولیات ہمارے فری لانسرز کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہی، عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں ملکی ساکھ کو بھی خطرے میں ڈال رہی ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس گروپ (پی بی جی او) کے چیئرمین ان چیف اور سابق صدر کاٹی فراز الرحمٰن نے پاکستان کے فری لانس کمیونٹی کے کردار کو ملکی ڈیجیٹل معیشت میں انقلاب لانے کا اہم ذریعہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پیشہ ور افراد کی یہ کمیونٹی پاکستان کو دنیا کے نمایاں فری لانس مارکیٹس میں شامل کر چکی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باصلاحیت فری لانسرز، جو زیادہ تر نوجوان ہیں، قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں اور عالمی منڈیوں میں ہماری پہچان کو فروغ دے رہے ہیں۔ ان کی خودکار نظام، مصنوعی ذہانت، اور جدید ٹیکنالوجیز میں مہارت نے پاکستان کو عالمی سطح پر ٹیکنالوجی کا ایک مضبوط حریف بنا دیا ہے۔ فراز الرحمٰن نے ملک میں انٹرنیٹ کے بار بار مسائل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ترقی پذیر شعبے کے لیے ایک بڑا چیلنج قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر مستحکم اور غیر قابل اعتماد انٹرنیٹ سہولیات ہمارے فری لانسرز کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہی ہیں، یہ نہ صرف ان کی کارکردگی کو متاثر کر رہی ہے بلکہ عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں پاکستان کی ساکھ کو بھی خطرے میں ڈال رہی ہے۔ حکومت کو ان مسائل کو فوری طور پر حل کرنا چاہیے تاکہ بلاتعطل انٹرنیٹ سروسز فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بزنس گروپ (پی بی جی او) فری لانس کمیونٹی کی حمایت میں فعال کردار ادا کرے گا۔ ہم فری لانسرز کو بااختیار بنانے کے لیے ایک مخصوص پلیٹ فارم کا آغاز کر رہے ہیں جہاں وسائل، رہنمائی، اور مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں اور عالمی نیٹ ورک کا حصہ بن سکیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ فری لانسر اور آئی ٹی سیکٹر کی ضروریات کو اولین ترجیح دے تاکہ یہ ترقی کرتی ہوئی کمیونٹی مزید ترقی کر سکے۔

سیاسی و عسکری قیادت بحران سے احسن انداز میں نمٹی، میاں زاہد

پالیسیوں کا تسلسل قائم رکھا جائے، اسٹاک مارکیٹ میں بلندی سرمایہ کاروں کے اعتماد کا ثبوت ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین نیشنل بزنس گروپ پاکستان، چیئرمین پالیسی ایڈوائزری بورڈ ایف پی سی سی آئی میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ کاروباری برادری حالیہ سیاسی بحران سے احسن انداز میں نمٹنے پر سیاسی و عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ حکومت کے تحمل اور برداشت نے اس مارچ کو ناکام بنا دیا ہے جس سے کاروباری برادری نے سکھ کا سانس لیا ہے۔ اب معاشی ترقی اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے پر توجہ دی جائے۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کی روز روز میدان جنگ بنا رہا مگر اس کے باوجود نہ صرف بیلاروس کے صدر نے 70 رکنی ہائی پاور وفد کے ساتھ پاکستان کا دورہ کیا اور درجنوں معاہدوں پر دستخط ہوئے بلکہ اسٹاک ایکسچینج بھی ایک لاکھ پوائنٹس کی حد عبور کر گیا جس سے عالمی برادری اور بزنس کمیونٹی کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا پتہ چلتا ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ 2017 سے پرفارم نہیں کر رہی تھی مگر آئی ایم ایف پروگرام اور معیشت کو بہتر بنانے کے لئے سیاسی و عسکری قیادت کے عزم نے صورتحال بدل ڈالی ہے۔ اس کے علاوہ کاروباری برادری کو یقین ہو گیا کہ اب انتشاری ٹولے کو ملکی معیشت سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ مئی میں مرکزی بینک کے پاس 2.9 ارب ڈالر تھے جو اب بڑھ کر 16 ارب ڈالر ہو چکے ہیں، تیل کی قیمتیں معتدل ہیں جبکہ اسمگلنگ اور غیر ضروری درآمدات پر کنٹرول کیا جا چکا ہے جس سے مجموعی معاشی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ بہتر حکمت عملی کی وجہ سے مہنگائی اور شرح سود میں تنزلی ہو رہی ہے جس سے کاروباری برادری کے علاوہ عوام بھی مستقبل کے بارے میں پر امید ہو گئے ہیں۔ اسلام آباد پر حالیہ یلغار سے اسٹاک مارکیٹ کچھ دن کے لئے متاثر ہوئی تھی مگر اس مسئلے سے بہتر انداز میں عہدہ براہ ہونے سے معاملات بہتر ہو گئے جس سے گزشتہ روز اسٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ کاروباری برادری کو اس سے غرض نہیں کہ اقتدار میں کون ہے مگر انھیں یہ یقین ہو گیا ہے کہ پالیسیوں میں مد و جزر کا سلسلہ ختم کیا ہے اور اب پالیسیوں میں تسلسل جاری رہے گا جس سے انکا حوصلہ بہت بڑھ گیا ہے۔ میاں زاہد حسین نے مزید کہا کہ ملک کی طویل المعیاد معاشی ترقی کے لئے سرمایہ کاری ضروری ہے جس کے لئے روزگار کی فراہمی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ پاکستان کی ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو کہ بے روزگاری کی وجہ سے پہلے ہی پریشان ہیں جس سے انتشاری ٹولے کو افرادی قوت ملتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے روکنے کے لئے انھیں روزگار فراہم کرنے پر بھرپور توجہ دے اور اس نیک مقصد کے لیے ایف پی سی سی آئی حکومت سے مکمل تعاون کرنے کے لیے تیار ہے۔

ایسوسی ایشن آف ایگزبیشن اور پاکستان الٹرنیٹو انرجی میں معاہدہ

کاروباری، دوستانہ پالیسیوں میں بہتری کیلئے براہ راست روابط رکھے جائیں، خورشید براس

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزبیشن انڈسٹری اور پاکستان الٹرنیٹو انرجی ایسوسی ایشن کے درمیان گزشتہ روز ایک مفاہمتی یادداشت "ایم او یو" پر دستخط ہوئے۔ تقریب میں پاکستان ایسوسی ایشن کی جانب سے انرجی ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین عبدالسلیم خان نے دستخط کئے اور دستاویزات کا تبادلہ بھی کیا گیا۔ مفاہمتی یادداشت میں تجارتی اور اقتصادی تعاون کو بڑھانے کا اعادہ کیا گیا۔ معاہدے کا مقصد نمائشوں، بزنس ٹو بزنس کانفرنسز، اور بزنس

بانی سابق چیئرمین خورشید براس، وائس چیئرمین کاشف وحید، شہریز اقبال، حرا امیر اور پاکستان الٹرنیٹو انرجی ایسوسی ایشن کی جانب سے عبدالناصر الرحمن، سینئر وائس چیئرمین، عبدالسلیم خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، میر احمد شاہ سیکرٹری جنرل نے اجلاس میں شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت پر پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزبیشن انڈسٹری کے وائس چیئرمین کاشف وحید اور پاکستان الٹرنیٹو سے متعلق تقریبات کا انعقاد کر کے کاروباری برادری کو ایک دوسرے کے ساتھ سہولت فراہم کرنا ہے۔ دونوں تنظیموں کے درمیان اس قابل اعتماد، عملی اور فائدہ مند تعلقات استوار کرنے کی ضرورت کے پیش نظر، دونوں تنظیموں کے کاروباری افراد کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کے ذریعے دونوں تنظیموں کے درمیان موثر اور خوشگوار تعلقات کا آغاز کرنا تھا۔

ایس ایم ایز فنانسنگ کیلئے سندھ بینک اور ایس ایم ای فاؤنڈیشن متفق

قرض کا حصول آسان بنانے کیلئے سندھ بھر میں آگاہی سیمینار شروع کرنے پر اتفاق

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس ایم ایز فنانسنگ کے حوالے سے اہم پیش رفت، سندھ بینک اور ایس ایم ای فاؤنڈیشن کا سندھ بھر میں آگاہی پروگرام شروع کرنے پر اتفاق، ولی اللہ خان کو نیئر ایف پی سی سی آئی ایس ایم ایز پروموشن سندھ بینک کمیٹی و صدر ایس ایم ای فاؤنڈیشن نے سندھ بینک کے ڈی سی ای او سید اسد علی شاہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، اس موقع پر سینئر وائس پریذیڈنٹ و ایریا منیجر سندھ بینک ولادو ڈھن، سینئر آرٹسٹ غلام محی الدین اور ای ٹریو کے ڈائریکٹر سیلز ایڈ مارکیٹنگ سلیم خان بھی موجود تھے۔ ولی اللہ خان نے کہا کہ سندھ بینک کے تعاون سے چھوٹے درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو ایس ایم ایز فنانسنگ کے حوالے سے آگاہی پروگرام شروع کئے جا رہے ہیں تاکہ وہ بغیر کسی مشکل کے بینک سے قرض حاصل کر کے اپنے کاروبار کو وسعت دے سکیں۔ ایس ایم ایز کو سولر سسٹم اور الیکٹرک بائیک کے لئے بھی فنانسنگ کی سہولت فراہم کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ ولی اللہ نے مزید کہا کہ ایس ایم ایز کے فروغ کے لئے ایف پی سی سی آئی بھی بھرپور تعاون کر رہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے۔ ایس ایم ایز فنانسنگ سے آگاہی کا پہلا پروگرام فیڈریشن ہاؤس کراچی میں ہوگا اس کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں آگاہی سیمینار منعقد کئے جائینگے۔

ایس آئی ایف سی کا تعاون، پہلی سہ ماہی میں سروسز ایکسپورٹ میں 6 فیصد اضافہ

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے مالی سال 25-2024 کی پہلی سہ ماہی میں سروسز ایکسپورٹ میں 6 فیصد اضافہ ہوا۔ پاکستان کی معیشت کے استحکام اور سروسز ایکسپورٹ میں اضافہ کرنے میں ایس آئی ایف سی کا نمایاں کردار رہا، ترقی کی بنیادی وجہ آئی ٹی کے شعبے میں خاطر خواہ اضافہ ہے۔ سروسز ایکسپورٹ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 6 فیصد اضافے سے 1.91 ملین ڈالر پر پہنچ گئی۔ ستمبر میں سروسز ایکسپورٹ 17.04 فیصد اضافے سے 656.99 ملین ڈالر رہیں جبکہ ماہانہ خدمات کی برآمدات 6.55 فیصد اضافے کے ساتھ 530.74 ارب روپے رہیں۔ آئی ٹی مصنوعات میں سافٹ ویئر، ویب ڈویلپمنٹ، موبائل ایپس، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور دیگر آئی ٹی شامل ہیں۔ فری لانسرز کے لیے بینک اکاؤنٹس کی آسانی اور رقم برقرار رکھنے کے لیے ایک نیا فری لانسنگ فریم ورک متعارف کرایا گیا ہے۔

شوبز و اسپورٹس

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں آج مزید 6 میچوں کا فیصلہ ہوگا

ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں



لاہور (سپورٹس ڈیسک) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 30 نومبر کو مزید 6 میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ پہلا میچ برائٹن اینڈ ہوو البیون اور ساؤتھمپٹن کی ٹیموں کے درمیان امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، فالمر کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ برینٹ فورڈ اور لیسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان جی ٹیک کمیونٹی سٹیڈیم، برینٹ فورڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں کرسٹل پیلس اور نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سیلہرسٹ پارک، لندن میں کھیلا جائے گا۔ چوتھا میچ ناٹنگھم فارسٹ اور ایپسوچ ٹاؤن کی ٹیموں کے درمیان دی سٹی گراؤنڈ، ناٹنگھم میں کھیلا جائے گا، پانچویں میچ میں وولورہیمپٹن اور بورن ماؤتھ کی ٹیمیں مولینکس سٹیڈیم، وولورہیمپٹن میں پنجہ آزمائی کریں گی۔ 30 نومبر کا چھٹا اور آخری میچ ویسٹ ہیم یونائیٹڈ اور آرسنل کی ٹیموں کے درمیان لندن سٹیڈیم، لندن میں کھیلا جائے گا۔ انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ کے 33 ویں سیزن کا آغاز ہو چکا ہے جو مجموعی طور پر ٹاپ فلائٹ انگلش فٹ بال کا 126 واں ایڈیشن ہے۔ ای پی ایل میں شامل 20 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کر رہی ہیں۔

پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم ماسکو پہنچ گئی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) روس میں شیڈول ایسٹ کپ انٹرنیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں شرکت کیلئے پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم روس کے شہر ماسکو پہنچ گئی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کے کھلاڑیوں میں سجاد امین، حیدر ثقیب، حنظلہ بٹ، حیدر سلطان اور داتیال آفتاب شامل ہیں۔ پنجاب ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے صدر سابق انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد زبیر یوسف بٹ بطور ٹیم منیجر کم کوچ پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کے ہمراہ ہیں۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کے منیجر سابق انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد زبیر یوسف بٹ نے قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم بہترین نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے

کراچی میں غیر منظور شدہ لیگ پر پی سی بی کا بیان

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ان خبروں کا سخت نوٹس لیا ہے کہ ایک نجی کمپنی کراچی میں جونیئر لیگ کیلئے پلیئرز ڈرافٹ منعقد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ پی سی بی کا اس بارے میں واضح طور پر کہنا ہے کہ یہ ایک غیر منظور شدہ اور غیر مجاز لیگ ہے۔ پی سی بی یا اس سے منسلک یونٹس کے ساتھ رجسٹرڈ تمام کھلاڑی، کوچنگ اسٹاف اور میچ آفیشلز کو اس ٹورنامنٹ میں شرکت سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ اس لیگ میں کسی بھی شمولیت کو پی سی بی کے ضوابط کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا اور اس کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

کرکٹر میچ کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے ہلاک

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارت کی مقامی ٹیموں کے مابین میچ میں 35 سالہ کرکٹر دل کا دورہ پڑنے سے زندگی کی بازی ہار گیا بھارتی شہر پونے کے گروارے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران 35 سالہ کرکٹر عمران پٹیل دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہو گئے۔ کھلاڑی اوپنر کے طور پر بیٹنگ کرنے آیا اور پچ پر کچھ وقت گزارنے کے بعد سینے اور بازو میں درد کی شکایت کرنے لگا۔ انہوں نے آن فیلڈ امپائرز کو معاملے سے آگاہ کیا اور انہیں میدان چھوڑنے کی اجازت دے دی گئی۔ تاہم پویلین واپس جاتے ہوئے عمران گر گئے۔ انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹرز نے اسے مردہ قرار دیا۔

قذافی سٹیڈیم اپ گریڈیشن: 70 فیصد کام مکمل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قذافی سٹیڈیم اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا مجموعی طور پر 70 فیصد کام مکمل ہو گیا، انکلوژرز کے سٹیپ کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ مین بلڈنگ کے فلورز مکمل، چھتیں و باکسز کا کام آخری مرحلے میں ہے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے قذافی سٹیڈیم کا تفصیلی دورہ اور نئے تعمیر کردہ سٹیپ کا معائنہ کیا، آخری سٹیپ پر کھڑے ہو کر سٹیڈیم کے ویو کا مشاہدہ کیا۔ محسن نقوی نے مین بلڈنگ اور انکلوژرز میں جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ چیئرمین پی سی بی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے پر تیزی سے پیش رفت ہو رہی ہے، تعمیراتی کاموں میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے قبل تعمیر و مرمت کا کام مکمل ہو جائیگا۔

سابق بھارتی کرکٹرز کیلئے دورہ پاکستان آج بھی یادگار

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بھارت کے سابق کرکٹرز کے لیے پاکستان کا دورہ آج بھی یادگار ترین دورہ ہے۔ سابق بھارتی کپتان سارو گنگولی کہتے ہیں کہ انڈیا کو پاکستان کا دورہ کرنا چاہیے، وہاں بہت پیار ملتا ہے۔ سہواگ اور ہربھجن کہتے ہیں کہ ان سے کسی نے شاپنگ کے پیسے نہیں لیے، اس کے علاوہ بالاجی کو پاکستانی فینز کی صدائیں آج بھی یاد ہیں۔ جبکہ ایم ایس دھونی پاکستانی کھانوں کے مداح ہیں۔ بھارتی کرکٹرز نے مختلف انٹرویوز میں ہمیشہ دورہ پاکستان کی خوشگوار یادیں تازہ کیں۔

جاوید میموریل کلب کی سبزہ زار لائنز کو شکست

لاہور (سپورٹس رپورٹر) 27 ویں توصیف ٹرافی کرکٹ چیمپئن شپ کے ابتدائی راؤنڈ کے میچ میں جاوید میموریل کلب نے سبزہ زار لائنز کو 113 رنز سے پچھاڑ دیا۔ کارزن کرکٹ گراؤنڈ پر جاوید میموریل کلب نے پہلے کھیلتے ہوئے 32.5 اوورز میں تمام کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے پر 220 رنز سکور کئے۔ سبزہ زار لائنز ہدف کے تعاقب میں 28 اوورز میں 107 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ ذیشان نوری کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

سید مشہود حسین شیرازی کی صدر ایل آر سی اے سے ملاقات

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ریگن وائٹس کرکٹ ٹیم کے منیجر و صدر امپیریل کرکٹ کلب سید مشہود حسین شیرازی کی صدر ایل آر سی اے خواجہ ندیم احمد سے ان کے آفس میں ملاقات۔ مشہود حسین شیرازی نے قائد اعظم ٹرافی میں لاہور ریگن وائٹس کی کارکردگی بارے تفصیلی رپورٹ جمع کرائی جس پر خواجہ ندیم احمد نے اطمینان کا اظہار کیا اور لاہور وائٹس کی سپر ایٹ مرحلے میں رسائی کو لاہور ریگن کیلئے خوش آئند قرار دیا بعد ازاں خواجہ ندیم احمد نے مشہود حسین شیرازی کو کلب کرکٹ میں گراں قدر خدمات انجام دینے پر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا۔ مشہود حسین شیرازی نے اس عزت افزائی پر خواجہ ندیم احمد کا شکریہ ادا کیا اور ان کی قیادت پر بھرپور اور غیر مشروط اعتماد کا اظہار کیا۔ خواجہ ندیم احمد کا کہنا تھا کہ مشہود حسین شیرازی جیسے لوگ کلب کرکٹ کو زندہ رکھے ہوئے ہیں اور یہ سینئر آرگنائزرز ہمارا اثاثہ ہیں۔

اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ کا انتقال، سپرد خاک کر دیا گیا

والدہ زندگی کا فخر اور خوشی تھیں جو اب بہتر دنیا کی طرف روانہ ہو چکیں: اداکارہ



لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز کی سینئر اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ چل بسیں، سپرد خاک کر دیا گیا۔ سویرا ندیم نے ایک پوسٹ میں مداحوں کے ساتھ اپنی والدہ کے انتقال کی خبر دی جس پر مداحوں کی جانب سے اداکارہ کی والدہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مغفرت کی دعائیں کی گئیں۔ سویرا ندیم کے ساتھی فنکاروں نے بھی اداکارہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کی والدہ کے درجات بلندی کیلئے دعا کی اور افسوس کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پوسٹ میں والدہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لکھا کہ ان کی والدہ، ان کی زندگی کا فخر اور خوشی تھیں جو اب بہتر دنیا کی طرف روانہ ہو چکی ہیں۔ سویرا ندیم نے لکھا کہ ان کی والدہ ایک بہادر خاتون تھیں جنہوں نے زندگی سے ملنے والی تمام مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور صبر اور ہمت کی مثال بن گئیں۔

ملائکہ اروڑہ نے ممبئی میں شاندار ریسٹورنٹ کھول لیا

ریسٹورنٹ ایک 90 سالہ قدیم پرتگالی طرز کے گھر میں قائم کیا گیا ہے: ذرائع

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی مشہور ڈانسر اور ارباز خان کی سابقہ اہلیہ ملائکہ اروڑہ نے ممبئی میں ریسٹورنٹ کھول لیا۔ اداکارہ ملائکہ اروڑا نے ممبئی کے علاقے باندرہ میں ایک نئے ریسٹورنٹ اسکارلٹ ہاؤس کے ساتھ ہوٹل کی صنعت میں قدم رکھ دیا ہے۔ یہ ریسٹورنٹ ایک 90 سالہ قدیم پرتگالی طرز کے گھر میں قائم کیا گیا ہے۔ اس ریسٹورنٹ کو کھولنے کیلئے ملائکہ نے اپنے بیٹے ارحان خان، ان کے دوست مالویا کپال اور ہوٹل منیجمنٹ کے ماہر دھول ادیشی کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ ملائکہ نے بزنس کی دنیا میں اپنے اس نئے منصوبے کا اعلان انسٹاگرام پر ایک تصویر کے ذریعے کیا، جس میں وہ اور ان کے بیٹے ارحان ایک کیسی سیاہ جیکٹس پہنے دکھائی دے رہے ہیں، جس پر اسکارلٹ ہاؤس لکھا ہوا ہے۔ ملائکہ نے پوسٹ کے کیپشن میں لکھا پہلی بار ایک ساتھ تعاون کرتے ہوئے۔

بقیہ جات 1

پربات چیت کی، اس موقع پر متعدد معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط بھی ہوئے۔ ترجمان نے بتایا کہ بیلاروسی وفد کے دورے میں 2025-2027 کی مدت کے لیے جامع تعاون کے روڈ میپ پر بھی دستخط کیے گئے۔ ممتاز زہرا بلوچ نے بتایا کہ قومی اسمبلی کے سپیکر ایاز صادق اس وقت روس کے سرکاری دورے پر ہیں، ایاز صادق وہاں پر دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے جبکہ پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے ایم او یو پر دستخط بھی کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان لبنان میں جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے، ہم لبنان کی خود مختاری کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار 2 تا 3 دسمبر ایران کا دورہ کریں گے جہاں وہ سی سی او کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہوں گے۔ پاکستان غزہ میں نسل کشی کی مذمت کرتا ہے، انہوں نے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے ہفتے مقبوضہ کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں بھارتی فوج کے کیمپ میں 4 کشمیری شہریوں کو دوران حراست بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا، واقعے کے باعث میں کشمیریوں میں غم وغصہ پایا جاتا ہے، پاکستان واقعے کے ذمے داروں کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری کے خلاف برطانیہ کے بیان سے متعلق سوال پر ترجمان نے کہا کہ مطیع اللہ جان کو جن حالات میں گرفتار کیا گیا اس پر وزارت اطلاعات تبصرہ کرسکتی ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان اور تحریک طالبان پاکستان کے درمیان کوئی مذاکرات نہیں ہورہے اور پاکستانیوں پر متحدہ عرب امارات کے سفر کی کوئی ممانعت نہیں۔

بقیہ جات 2

دائر درخواست پر سماعت کی۔ مطیع اللہ جان کے وکلا ایمان مزاری، ہادی علی چٹھہ اور اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ریاست علی آزاد عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ ریاست علی آزاد نے عدالت میں موقف اپنایا کہ مطیع اللہ جان کے خلاف مقدمہ جھوٹ بے بنیاد کہانی ہے۔ عدالتی ہدایت پر انسداد دہشت گردی عدالت کا آرڈر پڑھا گیا، عدالت نے مطیع اللہ جان کے 2 روزہ جسمانی ریمانڈ کا اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے قرار دیا کہ مطیع اللہ جان کو عدالتی ریمانڈ پر تصور کیا جائے۔ مطیع اللہ جان کی وکیل ایمان حاضر مزاری نے کہا کہ مطیع اللہ جان کی درخواست ضمانت آج ہی دائر کی جائے گی۔ اس سے قبل وکیل ایمان حاضر مزاری نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں مطیع اللہ جان کے 2 روزہ جسمانی ریمانڈ کا انسداد دہشت گردی عدالت کا فیصلہ چیلنج کیا تھا۔ ایڈووکیٹ ایمان مزاری نے مطیع اللہ جان کے جسمانی ریمانڈ کے خلاف درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ مطیع اللہ جان کو جھوٹے اور من گھڑت مقدمے میں گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 3

ذاتی و سیاسی مفادات کیلئے وطن فروشی کر رہے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ جب آرمی چیف پاکستان کی حفاظت کرے اس کے خلاف امریکا میں مظاہرہ کر رہے ہیں، جب مذاکرات کی بات ہوتی ہے تو مذاکرات صرف اسٹیبلشمنٹ سے! آرمی چیف کے آگے سجدہ ریز ہونے کو تیار ہو، پتہ نہیں کیا کیا کرنے کو تیار ہو جاؤ، پر جب بات نہ بنے تو پھر دوبارہ 9 مئی کی کوشش اور امریکی غلامی منظور ہی منظور۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جو آرمی چیف ان کی مرضی کا ہو انہیں اقتدار میں رکھے وہ پی ٹی آئی کا باپ ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو دوہری شہریت ختم کرنی چاہیے، بیشتر ممالک نے یہ سہولت ختم کر دی ہے اور سمندر پار پاکستان کے مفادات کے خلاف کام کرنے والوں کو اس کی قیمت ادا کرنی چاہیے، یہ امریکا میں فلسطین کے حق میں آواز نہیں اٹھائیں گے، فلسطین کی نسل کشی پہ خاموش رہیں گے اور آئی ایم ایف کو پاکستان کے خلاف آمادہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاست کرنا چاہتے ہیں تو پاکستان آئیں آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہوجائے گا، سوشل میڈیا پہ جنگ نہ لڑیں آئیں پاکستان میں اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے قیمت ادا کریں۔

بقیہ جات 4

کے دوران 100 انڈیکس نے نئی بلند ترین سطح 1 لاکھ 653 پوائنٹس بھی عبور کی۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 82 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔ ماہرین کے مطابق مارکیٹ میں یہ تیزی سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کو ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ جات 5

توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔ چیئرمین وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن شہزاد ارشد نے سیکرٹری داخلہ کو اس حوالے سے خط ارسال کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع حکومت کے مقاصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوگی۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ وی پی این کو بلاک کرنے کا فیصلہ کررکھا ہے، وی پی این کا استعمال کسی ایپ کی بندش کے دوران اسے بلاتعطل استعمال کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں حالیہ کچھ عرصے کے دوران سیاسی جماعتوں کی جانب سے کیے جانے والے احتجاجی مظاہروں اور مارچ کے دوران انٹرنیٹ کی بندش اور بعض ایپس تک رسائی میں مشکلات کی وجہ سے فری لانسرز، آن لائن کام کرنے والے پروفیشنلز وی پی این استعمال کر کے اپنے خاندانوں کے لیے روزگار کمار ہے تھے، تاہم اب پی ٹی اے نے وی پی اینز کی رجسٹریشن لازمی قرار دے دی ہے اور کہا ہے کہ یکم دسمبر کے بعد غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کام نہیں کریں گے۔ چیئرمین وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن شہزاد ارشد نے سیکریٹری داخلہ کو لکھے گئے خط میں کہا کہ وی پی اینز کی رجسٹریشن کے عمل سے متعلق شہریوں کو آگاہی دینے کی ضرورت ہے۔ ایسوسی ایشن وی پی اینز کو ریگولیٹ کرنے کی حکومتی کوششوں کی تعریف کرتی ہے، تاہم وی پی اینز کی رجسٹریشن کا عمل آسان کرنے سے شہریوں، فری لانسرز اور بزنس کمیونٹی کو سہولت میسر آئے گی۔ وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ پہلے سے جاری عمل میں حساس معلومات سے متعلق خدشات دور ہوئے ہیں، اب فری لانسرز اور شہریوں نے وی پی این کی رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن اپنے ممبران کو وی پی اینز کے استعمال کا محفوظ راستہ اپنانے کی ترغیب دے رہی ہے، سروس پرووائیڈرز آئی ٹی انڈسٹری کے ساتھ مل کر وی پی این رجسٹریشن کا عمل مزید آسان کر سکتے ہیں، تاہم پہلے سے موجود شکوک وشبہات میں صارفین کا اعتماد بحال کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ جات 6

نفاذ کو یقینی بنانے کی ہدایت کردی، اجلاس میں اربن فلڈنگ سے متاثرہ شہروں میں سٹوریج ٹینک بنانے کی تجویز پر بھی اتفاق ہوا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ شہروں میں راستے ڈوب جاتے ہیں، سیوریج کا نظام بہتر بنانا ہوگا، لوگوں کی تکالیف کے پیش نظر سیوریج سسٹم کی بحالی اور بہتری کی ترجیحات کا تعین کیا جائے۔

بقیہ جات 7

کیخلاف درخواست غیر موثر قرار دیتے ہوئے نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے اعجاز خان ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں وفاق اور حکومت پنجاب سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بانی پی ٹی آئی نے 24 نومبر کیلئے پُرامن احتجاج کی کال دی، شہریوں کی احتجاج میں شرکت روکنے کیلئے حکومت نے سڑکیں بند کردیں، سڑکیں اور موٹر ویز بند ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ سڑکوں کی بندش سے سکول، ادارے اور بسیں بند ہوگئیں، سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش سے ناقابل تلافی نقصان ہورہا ہے، عدالت حکومت کو سڑکیں اور موٹر ویز کھولنے کا حکم دے۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ اس وقت کوئی سڑک اور موٹر وے بند نہیں ہے۔ بعدازاں عدالت عالیہ نے سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش کے خلاف درخواست غیر موثر قرار دیتے ہوئے نمٹادی۔

بقیہ جات 8

حزب اللہ کی جنگ بندی کی وجہ سے آج یا کل سے عالمی منڈیوں میں پی او ایل کی قیمتوں میں کمی کی توقع کر رہے ہیں جس کی وجہ سے پی او ایل کی قیمتیں غیر تبدیل شدہ رہ سکتی ہیں۔ برینٹ کروڈ فیوچرز 2 سینٹ بڑھ کر 72.83 ڈالر فی بیرل پر طے ہوا جبکہ یو ایس ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کروڈ کی قیمت 5 سینٹ کم ہو کر 68.72 ڈالر ہوگئی۔ موجودہ 15 دن کے 12 دنوں پر مبنی کام کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے فی لیٹر اضافے پر کام کیا گیا ہے اور یہ موجودہ قیمت 248.38 روپے فی لیٹر سے 251.38 روپے فی لیٹر کی نئی قیمت پر طے ہوسکتی ہے۔

بقیہ جات 9

30 نومبر کو منایا جائے گا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری شام ساڑھے چھ بجے ملک بھر میں 150 سے زائد اضلاع میں ہونے والی تقریبات سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، جامشورو میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور ملتان میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کا خطاب ہوگا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل حیدرآباد میں سید قائم علی شاہ، گوجرانوالہ میں اعتزاز احسن، راولپنڈی میں راجہ پرویز اشرف اور سانگھڑ میں شازیہ مری کا خطاب ہوگا۔ اسی طرح مخدوم احمد محمود رحیم یار خان، نثار کھوڑو اور سعید غنی کراچی، خورشید شاہ سکھر، قمر زمان کائرہ اٹک، جمیل سومرو لاڑکانہ اور چوہدری منظور احمد فیصل آباد میں خطاب کریں گے۔ لاہور میں حسن مرتضیٰ، نواب شاہ میں ناصر شاہ اور ضیاء لنجار، چکوال میں سینیٹر پلوشہ خان، جیکب آباد میں اعجاز جکھرانی، سرگودھا میں ندیم افضل چن، میرپور خاص میں شرجیل میمن، ساہیوال میں شہزاد سعید چیمہ، گلگت شہر میں امجد ایڈووکیٹ اور مظفرآباد میں چوہدری یاسین یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کریں گے۔ درج بالا خطابات کے علاوہ بھی پارٹی قائدین ملک کے دیگر اضلاع میں یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کریں گے۔ پیپلزپارٹی حکام کے مطابق الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا پر چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کے خطاب کی لائیو کوریج کے لئے پاکستان پیپلزپارٹی کے آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے علاوہ پاک سیٹلائٹ فریکوئنسی کے پیرامیٹرز فراہم کئے جائیں گے

بقیہ جات 10

شارٹ فال ہونے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق سنگین لاک ڈاؤن اور ملک بھر میں اقتصادی سرگرمیاں 5 دن تک تھمے رہنے کے بعد ایف بی آر اپنے مقرر کردہ ہدف کے حصول میں بڑے شارٹ فال کا سامنا کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق نومبر تک محصولات جمع کرنیکا مجموعی ہدف 1003 ارب تھا مگر اس کے مقابلے میں صرف 700 ارب روپے اکٹھے ہوپائے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر ایف بی آر کو 160 ارب روپے کا شارٹ فال ہوگا تو پہلے 4 ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران ہونے والے 189 ارب روپے کے شارٹ فال کو مدنظر رکھتے ہوئے 5 ماہ کے مجموعی شارٹ فال کی رقم 349 ارب روپے تک پہنچ جائے گی۔ اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ حکومت مطلوبہ ٹیکس وصولی کے ہدف کو پورا کرنے میں بڑھتے ہوئے خسارے کے پیش نظر آئی ایم ایف کو کس طرح مطمئن کرے گی۔ معاشی تجزیہ کاروں کے مطابق مستقل سیاسی عدم استحکام قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا رہا ہے اور ایف بی آر کے اعلیٰ حکام مکمل طور پر بے بس نظر آرہے ہیں کہ بند معاشی سرگرمیوں کے تناظر میں محصولات کو کیسے زیادہ سے زیادہ کیا جائے۔ اعلیٰ سرکاری ذرائع نے جمعرات کو تصدیق کی کہ بھرپور کوششوں کے باوجود ایف بی آر زیادہ سے زیادہ 840 سے 850 ارب روپے اکٹھے کرسکتا ہے، اس لیے متوقع خسارہ 150 سے 160 ارب روپے سے زیادہ ہوگا۔ ایک سرکاری عہدیدار نے کہا کہ ’لاک ڈاؤن اور پی ٹی آئی کے احتجاجی کال کے نتیجے میں معاشی سرگرمیوں کے رکنے کی وجہ سے ریونیو خسارہ مزید بڑھ گیا ہے۔

بقیہ جات 11

جنگ بندی معاہدہ طے پایا تھا لیکن اس کے باوجود 8 روز سے جھڑپوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔ ضلع کرم میں فریقین کے درمیان فائرنگ سے مزید 3 افراد جاں بحق ہوگئے جس کے بعد 8 روز سے جاری جھڑپوں میں اموات کی تعداد 110 ہوگئی ہے اور زخمیوں کی تعداد 151 تک جا پہنچی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ 8 روز سے بند ہے جب کہ ڈپٹی کمشنر کرم جاوید اللہ کا کہنا ہے کہ مرکزی شاہراہ بند ہونے سے افغانستان کے ساتھ خرلاچی بارڈر پر تجارت بھی بند ہے۔ حالات کشیدہ ہونے کے باعث انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس بھی معطل ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ جات 12

کاری بڑھانے کا عندیہ دے دیا۔ ملاقات میں چین اور پنجاب کے مابین زراعت، توانائی، ٹیکنیکل ایجوکیشن، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی متعدد کمپنیوں نے پنجاب میں بڑی سرمایہ کاری کررکھی ہے، چین کی مزید سرمایہ کاری کا خیر مقدم کریں گے۔ چین کے سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لئے سکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، انہوں نے بتایا کہ چین کی متعدد سرمایہ کار کمپنیوں سے ملاقاتیں کرچکا ہوں۔ چین کی آنکو کمپنی کے ساتھ پنجاب میں سولر پینلز کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کا معاہدہ ہوچکا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب حکومت کا الیکٹرک وہیکلز کے فروغ پر فوکس ہے جبکہ پنجاب الیکٹرک وہیکلز کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کے حوالے سے چین کی کمپنی سے بات چیت جاری ہے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ پنجاب میں ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے گارمنٹ سٹی بنایا جارہا ہے۔ چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرن نے کہا کہ پنجاب میں چینی کمپنیوں کی سرمایہ کاری بڑھائیں گے، کوشش کریں گے کہ چین کی مزید کمپنیاں پنجاب میں سرمایہ کاری کریں۔ ژاؤ شیرن نے کہا کہ پنجاب کے اعلیٰ سطح کے وفد کے دورہ چین سے دوطرفہ تجارتی تعاون بڑھے گا اور وفد کے دورہ چین کے لئے ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ جات 13

حکومتی بیانات پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا کہ جعلی وزرا بربریت کی داستان چھپانے کے لیے پریس کانفرنس پہ کانفرنس کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پریس کانفرنسز کے ذریعے اسلام آباد کے اسپتالوں کا ڈیٹا چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ صحافی مطیع اللہ جان کا جرم بھی صرف یہی ہے کہ ان کے پاس اسپتالوں کا ڈیٹا ہے۔ بیرسٹر سیف نے بیان میں مزید کہا کہ مطیع اللہ جان کو جھوٹے کیس میں پھنسانا قابل مذمت ہے۔ امیر مقام بھی شاہ سے زیادہ شاہ کی وفاداری میں لگے ہوئے ہیں۔ وہ 8 فروری کو لاشیں گرا کر فارم 47 کے سہارے پارلیمنٹ پہنچے۔ لاشوں پر سیاست ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ درباری امیر مقام کے کرپشن قصے زبان زد عام ہیں۔

بقیہ جات 14

مروت کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کردیئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس ارباب محمد طاہر نے شیر افضل مروت کی درخواست پر سماعت کی، شیر افضل مروت اپنے وکیل ریاست علی آزاد اور اسامہ طارق کے ساتھ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنما کی کسی بھی نامعلوم مقدمے میں گرفتاری سے روکتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ، آئی جی، ایف آئی اے کو نوٹس جاری کردیئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد اور ایف آئی اے کو ایک ہفتے میں شیر افضل مروت کے خلاف درج مقدمات کی رپورٹ فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی چوک احتجاج پر شیر افضل مروت کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت اگلے جمعہ تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 15

لاہور امتیاز محمود شیخ کی عبوری ضمانت میں 6 دسمبر تک توسیع کردی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے ایڈمن جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ عبوری ضمانت کی معیاد ختم ہونے پر امتیاز محمود شیخ عدالت میں پیش ہوئے، جے آئی ٹی نے امتیاز محمود شیخ کو عسکری ٹاور حملہ کیس میں گناہگار قرار دے دیا۔ عدالت نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عسکری ٹاور حملہ کیس میں تفتیش مکمل ہے، وکیل اپنے دلائل مکمل کریں، جے آئی ٹی کے رکن ڈی ایس پی جاوید آصف اور تفتیشی انسپکٹر اسلم پیش ہوئے۔ معاون وکیل نے استدعا کی کہ ہمارے وکیل آج دستیاب نہیں ہیں مہلت دی جائے جس عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ضمانت پر دلائل کیلئے آخری موقع دیا جارہا ہے۔ جے آئی ٹی رپورٹ کے مطابق ملزم پولیس کی گاڑیاں جلانے کے 2 مقدمات میں شامل تفتیش نہیں ہوا۔ ایڈمن جج منظر علی گل نے کہا کہ ملزم کو ان 2 مقدمات میں شامل تفتیش ہونے کا آخری موقع دے رہا ہوں، اگر ملزم شامل تفتیش نہ ہوا ریکارڈ دیکھ کر عبوری ضمانت کا فیصلہ کردیں گے۔ بعدازاں عدالت نے دلائل سننے کے بعد امتیاز محمود شیخ کی عبوری ضمانت میں 6 دسمبر تک توسیع کر دی۔

بقیہ جات 16

اقدام اٹھاتے ہوئے لاہور کے گرین لائن میٹرو ٹریک پر ڈیزل وپٹرول بسوں کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میٹرو بس ٹریک پر الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے 5 ارب 25 کروڑ 50 لاکھ لاگت آئے گی، لاہور کے گرین لائن میٹرو بس روٹ پر الیکٹرک بسیں چلانے کی ورکنگ کا آغاز کر دیا گیا۔ میٹرو بس روٹ پر مجموعی طور پر 65 الیکٹرک بسوں کو آپریشنل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے الیکٹرک میٹرو بسوں کے منصوبے کو آئندہ مالی سال میں شامل کرنے کی ہدایت کر دی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کے مطابق آئندہ سال لاہور میں میٹرو بس روٹ پر الیکٹرک میٹرو بسوں کو آپریشنل کر دیا جائیگا، الیکٹرک بسیں 7 سے 12 سال تک آپریشنل رہیں گی۔

بقیہ جات 17

کے مطابق اس کی کیٹیگری کا تعین اور علاج کرے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر جیل ریفارمز ایجنڈا کے تحت پنجاب بھر کی جیلوں میں سینئر اور جونیئر سائیکالوجسٹ تعینات کیے گئے ہیں، ہر جیل میں ذہنی صحت مرکز قائم کیا جائیگا جہاں قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت ہوگی۔ یونیفارم پالیسی کے تحت کارکردگی جانچنے کیلئے ایس او پیز کے مطابق جیل آمد کے 24 گھنٹوں میں سائیکالوجسٹ ہر قیدی کا معائنہ کریگا اور ہر قیدی کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت کے مطابق اس کی کیٹیگری کا تعین دیئے گئے پر فارمز کے مطابق کرے گا۔ قیدیوں کو ذہنی تناؤ اور خودکشی کے رجحانات سے بچاؤ کے علاوہ منشیات کے عادی یا نفسیاتی مسائل کے شکار قیدیوں کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ایس او پیز کے تحت جیل سائیکالوجسٹس کو پیرول بورڈ کا ممبر بھی بنایا گیا ہے جو قیدی کی پیرول پر رہائی کے حوالے سے رسک اسیسمنٹ رپورٹ دیگا۔ پر تشدد رویے کے حامل اسیران کی کاؤنسلنگ، ہر ماہ ہر قیدی کا معائنہ اور کاؤنسلنگ کی فائل اپڈیٹ کرنا اور ذہنی تناؤ کے شکار قیدیوں سے بہتر رویے کیلئے جیل عملے کی تربیت بھی سائیکالوجسٹ کے کام کا حصہ ہوگا۔

بقیہ جات 18

سموگ کی شدت کو کم کیا جاسکے اور ماحول کو بہتر بنایا جاسکے۔ حکام کی رپورٹ کے مطابق 139 عارضی تجاوزات ختم کردی گئیں، 5 صنعتی یونٹس کو سیل کرتے ہوئے ان پر 3 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ سموگ رولز کی خلاف ورزی پر 40 دھواں دیتی گاڑیوں کے چالان کیے گئے۔ ان میں سے 7 گاڑیاں ضبط کرلی گئیں اور ان پر 80,000 روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ علاوہ ازیں 3 ملبہ ویسٹ سائٹس کا چالان کرتے ہوئے 12,000 روپے جرمانہ وصول کیا گیا۔ شہری سڑکوں پر پانی کا چھڑکاؤ اور ویٹ سویپنگ کا عمل جاری ہے، جبکہ لاہور کے داخلی راستوں پر دھواں دینے والی ہیوی ٹریفک کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ اسکواڈز مسلسل سرویلنس کر رہے ہیں تا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جاسکے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ حکومت آلودگی اور تجاوزات کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ انہوں نے عوام کو تلقین کی کہ وہ اپنے ملک کو صاف اور سرسبز بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں، اپنے حصے کا درخت لگائیں اور قوانین کی مکمل پاسداری کریں۔ انڈسٹریل سیکٹر اور عوام کے تعاون کے بغیر آلودگی پر قابو پانا ممکن نہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ انسداد سموگ کارروائیوں کو مزید سخت بنایا جائے تا کہ ہر شہری کو محفوظ اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جاسکے۔ حکومت کے اس اقدام کا مقصد صرف ماحول کی بہتری نہیں بلکہ عوام کو صحت مند زندگی کے مواقع فراہم کرنا بھی ہے۔ صاف ستھرا پاکستان ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور عوام کو حکومت کے ساتھ مل کر اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ جات 19

آگاہ کردیا ہے، ان کی جانب سے پی آئی اے کی ٹیم اور انتظامیہ کو ان کے سخت ترین اسٹینڈرڈز پر پورے اترنے پر مبارک باد دی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پی آئی اے انتظامیہ ایاسا اور ان کے قوانین اور ضابطوں پر مکمل عمل پیرا رہے گا اور پی آئی اے انتظامیہ نے گزشتہ 4 سال کی انتھک محنت کے بعد یہ اہم سنگ میل عبور کرلیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی آئی اے کی جانب سے اس تاریخی موقع پر وزارت ہوابازی، سول ایوی ایشن اتھارٹی، پی آئی اے ٹیم اور پوری ہوابازی کی صنعت کو ان کے بھرپور تعاون پر مبارکباد پیش کی۔ وزیر دفاع وہوابازی خواجہ آصف نے ایکس پر بیان میں کہا ہے کہ یہ ایک تاریخی دن ہے، یہ کامیابی وزارت ہوابازی کی مکمل توجہ سے ممکن ہوئی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ کامیابی بین الاقوامی شہری ہوابازی تنظیم کے معیارات کے مطابق حفاظتی نگرانی یقینی بنانے سے ممکن ہوئی۔ واضح رہے کہ یورپی یونین ایئر سیفٹی ایجنسی نے پی آئی اے میں پائلٹس کے جعلی لائسنس کا معاملہ سامنے آنے پر 30 جون 2020 کو پی آئی اے کی یورپی ممالک کے لیے پروازوں کو معطل کیا تھا تاہم حکومتی کاوشوں سے پابندی کو عارضی معطل کرتے ہوئے پی آئی اے کو 3 جولائی 2020 تک پروازیں چلانے کی اجازت دی گئی تھی۔

بقیہ جات 20

سزائیں دینے کا فیصلہ کرلیا۔ اوگرا ذرائع کے مطابق غیر معیاری ایل پی جی سلنڈر یا غیر معیاری آلات فروخت کرنے والوں پر بھاری جرمانہ عائد ہوگا۔ پہلے ایل پی جی قوانین کی خلاف ورزی پر 3 ہزار روپے جرمانہ تھا جسے بڑھا کر کم سے کم 10 لاکھ روپے سے ایک کروڑ روپے تک کرنے کی تجویز ہے۔ اوگرا ذرائع کا کہنا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی پر سزا بھی 6 ماہ سے بڑھا کر 10 سال ناقابل ضمانت کی تجویز دی گئی ہے۔ اب ایل پی جی کے قوانین پر عمل نہ ہوا تو 10 سال کی سزا ہوگی۔ ملک بھر میں ایل پی جی کے استعمال میں تیزی سے اضافے کے باعث یہ فیصلے کیے گئے ہیں۔ غیر معیاری اور مکس گیس فروخت کرنے والے بچ نہیں سکیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اوگرا کے نئے قوانین کی سمری حتمی منظوری کے لیے حکومت کو بھجوا دی ہے۔ انسانی جانوں کو بچانے کے لیے قوانین میں تبدیلی لارہے ہیں۔

بقیہ جات 21

خان اور عمر ایوب کو نوٹس جاری کر کے طلب کر لیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے مطابق پی ٹی آئی رہنماؤں کو 4 دسمبر کو صبح 10 بجے طلب کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی اور جنرل سیکرٹری کو نوٹس جاری کیے تھے جن کے مطابق ان دونوں کو 26 نومبر کو طلب کیا گیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی سے مالی سال 2023-24ء کے لیے پارٹی اکاؤنٹس کی تفصیلات طلب کی تھیں۔

بقیہ جات 22

مسائل میں کھانسی، نزلہ اور سانس لینے میں دشواری کی علامات عام ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران ریکارڈ توڑ اسموگ سے متاثر ہونے والے صوبہ پنجاب میں 20 لاکھ لوگوں نے ہسپتالوں اور صحت مراکز میں جا کر سانس لینے میں دشواری اور امراض تنفس کے حوالے سے علاج کے لیے ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ مہینے صوبہ پنجاب میں اسموگ کی صورتحال بگڑنے کی وجہ سے پنجاب میں اسے ’آفت‘ قرار دیا گیا تھا، انٹرنیشنل ایئر کوالٹی انڈیکس کے انڈیکس اسکیل کے مطابق 300 یا اس سے زائد کی ایئر کوالٹی انڈیکس کی پیمائش صحت کے لیے نقصان دہ ہے، جب کہ پاکستان میں مستقل طور پر یہ سطح ایک ہزار انڈیکس سے بلند رہی ہے۔ اپسوس سروے کا عنوان پاکستان میں اسموگ، آگاہی، تصورات اور طرز عمل تھا جو 26 نومبر کو جاری کیا گیا، یہ سروے 18 سے 22 نومبر کے دوران کیا گیا تھا، اس میں کمپیوٹر، ٹیلی فون کالز کے ذریعے پنجاب بھر اور اسلام آباد سے ایک ہزار افراد کے انٹرویوز کیے گئے تھے۔ عوامی آگاہی اور ان کے تجربے سے متعلق سروے کے پہلے حصے کے اعداد وشمار سے معلوم ہوتا ہے کہ 79 فیصد لوگوں (ہر 10 میں سے 8 افراد) نے گزشتہ مہینے اسموگ کا سامنا کیا جبکہ لاہور میں رہنے والے تمام لوگوں کو اسموگ کا سامنا کرنا پڑا، یہ اعداد وشمار ظاہر کرتے ہیں کہ اسموگ کا سامنا کرنے والے 68 فیصد لوگوں کو اس سے متعلقہ صحت کے مسائل درپیش آئے، شہروں میں بسنے والے 71 جبکہ دیہی علاقوں کے 67 فیصد لوگوں نے صحت کے مسائل کا سامنا کیا۔

بقیہ جات 23

مقدمات کے حوالے سے احتجاجی لائحہ عمل بنانے کے حوالے سے اہم مشاورتی اجلاس نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، صدر نیشنل پریس کلب اظہر جتوئی، سیکریٹری نیشنل پریس کلب نیر علی، ارائی یوجے کے ممبر ایگزیکٹو باڈی غفران چشتی، توصیف عباسی اور نوابزادہ شاہ علی اور درجنوں سینئر صحافیوں نے شرکت کی۔ اجلاس کی نظامت آصف بشیر چودھری جنرل سیکریٹری راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ نے کی۔ مشاورتی اجلاس میں سینئر صحافیوں نے بے بنیاد اور جھوٹے مقدمات کے اندراج پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے فوری طور پر متعلقہ وفاقی وزراء اور متعلقہ اداروں کے سربراہان کے خلاف بھرپور احتجاج شروع کرنے اور ان کے پریس کلب داخلے پر پابندی کی تجاویز دیں۔ منشیات کے جھوٹے مقدمے اور جسمانی ریمانڈ کو صحافیوں نے سینئر صحافی مطیع اللہ جان کی تضحیک قرار دیا۔ صدر پی ایف یو جے افضل بٹ نے سینئر صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو مہلت دے رہے ہیں اگر ہفتے والے دن تک مطیع اللہ جان کے خلاف مقدمہ واپس نہیں لیا گیا تو پھر ملک گیر احتجاج ہوگا اور پارلیمنٹ کے باہر دھرنا بھی دیا جائے گا۔ صدر پی ایف یو جے افضل بٹ نے کہا کہ صحافی قانون سے بالا نہیں اور اپنے لکھے کے لیے جوابدہ ہیں لیکن کسی بھی صحافی کے خلاف انتقامی کارروائی پر پوری صحافی برادری متحد ہے۔ جنرل سیکرٹری آر آئی یو جے آصف بشیر چودھری نے کہا کہ صحافیوں پر منشیات کے مقدمے کی ابتداء اس حکومت کے دور میں کی گئی ہے جو خود منشیات کے جھوٹے مقدمات کا شکار رہی ہے۔ آصف بشیر چودھری نے کہا کہ ہتک کے انتہائی سخت قوانین کی موجودگی میں ناپسندیدہ صحافیوں کے خلاف منشیات اور دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمات کا اندراج حکومت کی کم حوصلگی ظاہر کرتا ہے۔ کسی صحافی کی رپورٹنگ پر اعتراض ہے تو اسے متعلقہ فورم پر اٹھانا چاہیے لیکن بے بنیاد مقدمات کے ذریعے خوف کی فضا پیدا کرنے کے اقدامات کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ سینئر صحافی ناصر زیدی نے کہا کہ صحافیوں نے ہر دور میں حق اور سچ کا پرچم بلند رکھا اور آج بھی سچ کی قیمت چکانے کے لیے تیار ہیں۔ صدر نیشنل پریس کلب اظہر جتوئی نے تمام شرکاء کی آمد اور مشاورت کے اہم عمل میں شرکت پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جبکہ سیکرٹری نیشنل پریس کلب نیر علی نے بھرپور احتجاجی مظاہرے کے لیے تمام صحافیوں کو تیاریاں شروع کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے بعد میں مطیع اللہ جان کی رہائی کے لیے نعرے بازی بھی کی اور زبردست احتجاجی تحریک کے لیے بھرپور عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 24

تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ ای ایف ایس ایک معروف برآمدی اسکیم کے طور پر ابھری ہے جس کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں پر خصوصی توجہ کے ساتھ سنگل ایڈمنسٹریٹو دستاویزات کے ذریعے برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس وقت 1500 سے زائد برآمد کنندگان اس اسکیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ای ایف ایس کے مینوفیکچررز کم ایکسپورٹرز صارفین کو اب تیار مصنوعات میں استعمال ہونے والے مقامی ان پٹ سامان کی خریداری پر سیلز ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ ایس آر او کے تحت صارف اپنے اختیار کے مطابق کسٹم ڈیوٹی، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس یا ود ہولڈنگ ٹیکس کی ادائیگی کے بغیر ان پٹ سامان حاصل کرنے کے حقدار ہوگا، اس طرح کے تمام حصولات ان قواعد کے تحت اعلان کردہ صارف کی مینوفیکچرنگ سہولت یا احاطے میں برقرار رہیں گے۔ ان پٹ سامان کو اجازت نامے کی تعداد دیتے ہوئے گڈز ڈیکلریشن فائل کرنے پر ڈیوٹی اور ٹیکسوں سے آزاد درآمد کیا جاسکتا ہے۔ ایف بی آر نے مزید کہا کہ لوکل ان پٹ سامان کی خریداری کی اجازت قابل وصول سیلز ٹیکس کی ادائیگی پر دی جائے گی۔ نظر ثانی شدہ قواعد کے ذریعے ایف بی آر نے ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم کا دائرہ کار بھی بڑھا دیا تھا تاکہ مینوفیکچررز اور ایکسپورٹرز کو مختص کوٹے کے مقابلے میں ٹیکسٹائل کی کچھ ان پٹ درآمد کرنے کی اجازت دی جا سکے۔

بقیہ جات 25

کر رہا ہے۔ عالمی یوم یکجہتی فلسطین کے موقع پر اپنے پیغام میں سردار ایاز صادق نے فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت و بربریت کی مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ فلسطین میں گزشتہ سال سے جاری اسرائیلی فسطائیت سے 44 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، شہداء میں معصوم بچوں، خواتین اور بزرگوں کی کثیر تعداد شامل ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے دوران ایک لاکھ افراد زخمی اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں، فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت و بربریت پر عالمی برادری کی خاموشی نا قابل فہم ہے، عالمی برادری فلسطین میں جاری نسل کشی اور جبری نقل مکانی کو روکنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے، خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مسئلہ فلسطین کا حل ناگزیر ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسرائیلی افواج کی جانب سے بچوں، خواتین اور معصوم شہریوں کا قتل عام انتہائی شرمناک اور قابل مذمت ہے، مسئلہ فلسطین کا واحد حل 1967 سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق آزاد فلسطینی ریاست کا قیام اور بیت المقدس کو اس کا دارالحکومت بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی بربریت فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کی تحریک کو نہیں دبا سکتی، پاکستان فلسطینی عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ جات 26

دیا۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ سینئر صحافی مطیع اللہ جان پر عائد الزامات ایک مذاق ہیں۔ سینئر صحافی کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتا ہے اور کہا کہ وفاقی پارلیمانی نظام کی اصل روح جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا ہے۔ پی پی رہنما نے بتایا کہ وفاقی پارلیمانی نظام کی اصل روح سول حکمرانی کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور مکالمے کو فروغ دینا ہے۔ سابق چیئرمین سینیٹ کے مطابق اظہار رائے اور احتجاج آئین میں فراہم کردہ ایک بنیادی حق ہے، لیکن احتجاج قانون کے دائرے میں رہ کر ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حق سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے تشدد کا جواز نہیں بن سکتا، ریاست کی رٹ نافذ کرنے کے بعد حکومت کو سیاسی مذاکرات کی طرف بڑھنا چاہیے۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے کہا ہے کہ گورنر راج کا نفاذ کوئی حل نہیں۔ اس کے لیے آئین کے آرٹیکل 232 یا 234 کے تقاضے پورے نہیں ہو رہے، گورنر راج سیاسی طور پر دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا، اس سے پولرائزیشن بڑھے گی۔ رضا ربانی نے کہا کہ ایک ایسے صوبے میں سیاسی عدم استحکام میں اضافہ ہوگا جہاں دہشت گردی بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ ہمیں تاریخ سے سبق سیکھنا چاہیے، نیشنل عوامی پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان پر پابندی لگائی گئی، اس کے نتائج کیا نکلے؟ انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی جماعت پر پابندی لگانا بھی کوئی حل نہیں، وہ سیاسی جماعت کسی اور نام سے دوبارہ وجود میں آجاتی ہے۔

بقیہ جات 27

ایک اور اہم دریافت کی ہے۔ ملک میں قدرتی گیس فراہم کرنے والے اہم ادارے ای اینڈ پی نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو ایک نوٹس میں اس پیشرفت سے آگاہ کیا۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ حاصل کردہ اعداد وشمار کے اندرونی جائزے کے بعد اپر سینڈ (سی-سینڈ) میں ایک اور تحقیقاتی زون کی نشاندہی کی گئی ہے اور شاہ بندر بلاک کے پانچویں ایکس 1- کنویں میں اپر سینڈ (سی -سینڈ) ریزروائر میں گیس/کنڈنسیٹ کی دریافت کی گئی ہے۔ پی پی ایل نے بتایا کہ یہ کنواں شاہ بندر بلاک میں کھودا گیا، ٹیسٹ کیا گیا اور دریافت کیا گیا۔ شاہ بندر بلاک کو پی پی ایل اپنے جوائنٹ وینچر پارٹنرز یعنی ماری پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، سندھ انرجی ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ اور گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ 63 فیصد ورکنگ انٹرسٹ کے ساتھ چلاتا ہے، جن میں سے ہر ایک کے ورکنگ مفادات بالترتیب 32 فیصد، 2.5 فیصد اور 2.5 فیصد ہیں۔ کمپنی نے اپنے اسٹیک ہولڈرز کو آگاہ کیا کہ ڈرلنگ کے نتائج کی بنیاد پر ممکنہ ہائیڈرو کاربن رکھنے والے علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے اور وائر لائن لاگ ڈیٹا حاصل کیا گیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ٹیسٹنگ کے دوران کنویں سے 12.4 ملین معیاری مکعب فٹ یومیہ (ایم ایم ایس سی ایف ڈی) گیس اور 196 بیرل کنڈنسیٹ روزانہ بہہ رہا تھا جبکہ ویل ہیڈ فلونگ پریشر (ڈبلیو ایچ ایف پی) 2551 پی ایس آئی جی 32/64 انچ پر لوئر گورو اپر سینڈ (سی سینڈ) سے بہہ رہا تھا۔ پی پی ایل نے کہا کہ تازہ ترین دریافت سے ہائیڈرو کاربن کے اضافی ذخائر میں اضافہ ہوگا اور توانائی کے شعبے کو پاکستان میں توانائی کے موجودہ بحران کو کم کرنے میں مدد ملے گی جس سے مقامی ہائیڈرو کاربن کی پیداوار کے ذریعے ملک کے لئے اہم زرمبادلہ کی بچت ہوگی۔

بقیہ جات 28

ملزمان سے تفتیش کے لیے جے آئی ٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اس جے آئی ٹی میں گرفتار ملزمان محمد جاوید اور گل نساء سے تفتیش کی جائے گی۔ محکمہ داخلہ سندھ نے جے آئی ٹی کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کو جے آئی ٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے، اور اس میں تینوں حساس اداروں اور رینجرز کے افسران شامل ہوں گے۔ اسپیشل برانچ، کراچی پولیس، اور ایف آئی اے کے افسران بھی اس جے آئی ٹی کا حصہ ہیں۔ جے آئی ٹی کو کسی بھی تحقیقاتی ادارے سے مدد حاصل کرنے کی اجازت ہوگی۔ ملزمان سے تفتیش کے بعد رپورٹ محکمہ داخلہ کو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ جات 29

کے خلاف سوشل میڈیا پر سازش کی جارہی ہے اور طلبہ نے اس جھوٹے پروپیگنڈے کو روکنا ہے کیونکہ طلبہ سمیت نئی نسل کی مدد کے بغیر یہ مقابلہ ممکن نہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج صوبے میں میرٹ پر بھرتیاں کی جا رہی ہیں اور آپ آگے بڑھیں گے تو یہاں سے کرپشن کا خاتمہ کریں گے، ہم مل کر بلوچستان کو آگے لے کر جائیں گے۔ اسکوٹیاں تقسیم کرنے سے متعلق انہوں نے کہا کہ میں نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا وہ ایک ہفتے میں پورا کیا، یہ سلسلہ یہاں تک نہیں بلکہ خواہش ہے کہ تمام کالجز میں فراہم کریں۔ کالج میں میڈم ناظمہ طاہر بلاک بھی بنایا جارہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جب تک خواتین معاشرے میں مثبت کردار ادا نہیں کریں گے یہ معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، 5 خواتین ڈی سی صوبے میں خدمات دے رہی ہیں۔ قبل ازیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کالج کی 45 طالبات میں پنک اسکوٹیز تقسیم کیں۔ تقریب میں وزیر تعلیم راحیلہ درانی، صوبائی وزراء، چیف سیکریٹری اور دیگر شریک ہوئے۔

بقیہ جات 30

کہ تحقیقات ہونی چاہیے کہ کاٹے گئے درخت کہاں جاتے ہیں، اگر درخت کاٹنے کی بات درست ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کرایا جائے گا، عدالت نے اس سلسلے میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب کو طلب کرلیا۔ ٹاؤنٹن مارکیٹ میں ایکشن پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی، عدالت نے کمیشن ممبران کو درخواست میں فریق بنانے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے کہا کہ پٹیشن واپس لیں ورنہ درخواست گزار کو اندر کر دیں گے، عدالت نے 50 ہزار روپے جرمانہ کرتے ہوئے درخواست خارج کر دی۔ عدالت نے کہا کہ جب تک ڈپٹی کمشنرز کے تبادلے نہیں کریں گے معاملات درست نہیں ہوں گے، ٹرانسپورٹ کی جانچ پڑتال کے حوالے سے پالیسی بنائی جائے جس میں تمام ڈیٹا موجود ہو۔ عدالت نے اپنے حکم میں مزید کہا کہ سکولوں اور دفاتر کے لیے ورک فرام ہوم پالیسی بنائیں، تعمیرات کا کام شروع نہیں ہونا چاہیے۔ بعدازاں لاہور ہائی کورٹ نے سموگ تدارک کیس کی مزید سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 31

تھا، پہلے انوشہ رحمٰن کا بتایا گیا اب وہ نہیں جارہیں، پھر عرفان صدیقی کا بتایا اب پتہ چلا ہے وہ بھی نہیں ہیں، آفیشل ویزا چاہیے، وہ ابھی نہیں آیا۔ عدالت نے عافیہ صدیقی کے امریکی وکیل سے استفسار کیا کہ سابقہ ڈکلیریشن سے متعلق بتائیں کیا پوزیشن ہے؟ امریکی وکیل نے بتایا کہ اس موقع پر دورہ کی کامیابی کے زیادہ چانسز ہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ نے عافیہ صدیقی کیس کی سماعت پیر تک ملتوی کردی۔ اس سے قبل عافیہ صدیقی کیس کی سماعت کے دوران ایک دلچسپ صورتحال پیدا ہوئی، جب ڈاکٹر عافیہ کے وکیل کلائیو اسمتھ ویڈیو لنک پر آئے تو ان کی آواز سنائی نہیں دی۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے کلائیو اسمتھ سے کہا کہ انٹرنیٹ سست ہے آپ کی آواز نہیں آرہی، اب کیا پی ٹی اے کو نوٹس کردوں کہ عدالت میں بھی انٹرنیٹ صحیح کام نہیں کر رہا، کیا پی ٹی اے بتائے گا کہ موبائل فون کے بعد اب انٹرنیٹ بھی بند کردیا گیا ہے؟ عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ انٹرنیٹ کیوں سست روی کا شکار ہے؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ موبائل انٹرنیٹ کا مسئلہ ہے دیگر انٹرنیٹ کا مسئلہ نہیں ہے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے کہا کہ چلیں چیئرمین پی ٹی اے کچھ لکھ دیں گے کہ کیا مسئلہ ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 30 اگست کو ہونے والی سماعت میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی صحت اور وطن واپسی سے متعلق جواب پر وزارت دفاع کے جواب پر اظہار برہمی کرتے ہوئے سیکرٹری خارجہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا تھا۔ وزارت داخلہ نے اپنے جواب میں عافیہ صدیقی کی امریکا کو حوالگی سے آئی ایس آئی سمیت خفیہ ایجنسیوں کو بری الذمہ قرار دیا تھا۔

بقیہ جات 32

معیشت کی تباہی کی گئی۔ جمعہ کو وزیر اعظم شہباز شریف اپنی زیر صدارت امن عامہ سے متعلق اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسندوں کے حملوں میں سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے، احتجاج کے دوران توڑ پھوڑ سے ملکی معیشت کو نقصان پہنچا، وفاق کے خلاف یہ چوتھی لشکرکشی تھی، ایسے ناپاک عزائم کا 2014 سے پہلے کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ احتجاج اور دھرنوں سے ملک کو یومیہ 900 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، 2014 میں 126 دن معیشت کی تباہی کی گئی۔ شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کے سامنے جو تماشا لگایا گیا، اس کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیچھے باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی ہے، یہ سب الگ تھلگ نہیں ہورہا۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ دودھ، شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں، لیکن بہتری کے آثار نظر آرہے ہیں، مہنگائی کم ہورہی ہے، اسٹاک مارکیٹ ایک لاکھ کی سطح سے اوپر گئی۔ انہوں نے کہا کہ دشمنان پاکستان اگر اس صورتحال کو خراب کرنا چاہتے ہیں تو کیا ہم انہیں ایسا کرنے دیں، ہمیں ہر چیز وہ کرنی چاہیے جس سے ہم دشمنان پاکستان کے ہاتھ نہ صرف روکیں بلکہ ان کو توڑ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مواقع بار بار نہیں ملتے، اللہ نے ہمیں موقع دیا ہے، اس پر ہمیں پوری سنجیدہ سوچ اور عمل کے ساتھ آگے بڑھنا ہے کہ کس طرح ہم نے خیبر پختونخوا حکومت کی جو دن رات کی سازشیں ہیں، انہیں کوئی پروا نہیں کہ حالات بہتر ہو رہے ہیں، ان کا ایک ہی ایجنڈا ہے کہ ہر چیز کو تہ وبالا کردو، ہر چیز کو برباد کردو۔ وزیر اعظم نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں وفاقی حکومت کے سینئرز بیٹھے ہیں، آرمی چیف بیٹھے ہیں، ان کی پوری ٹیم بیٹھی ہے، سب نے مل کر بڑی کاوش کی ہے، میں آپ سب کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکر گزار ہوں، اللہ نے ہمیں موقع دیا ہے، اس کے لیے ہم نے آگے بڑھنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یہ ایک سیاسی جماعت نہیں ہے، یہ ایک فتنہ ہے اور تخریب کاری کا ایک جتھہ اور گروہ ہے، اس کے لیے اب ہمیں آگے بڑھنا ہے، جتنے بھی تخریب کار ہیں، ان سب کے خلاف ایف آئی آرز کاٹی جائیں، ان کے خلاف ٹھوس بنیادوں پر قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ شومئی قسمت ہے کہ ہمیں آج یہ دن دیکھنا پڑ رہا ہے، یہ وطن کے ساتھ دشمنی ہے، یہ ہماری قومی ذمے داری ہے، اگر آج ان کا چہرہ نہیں دکھائیں گے تو تاریخ ہمیں برے الفاظ میں یاد کرے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی حکومت نے ان 8 ماہ میں اپنے صوبے کے عوام کے لیے کیا کام کیا، عوامی منصوبوں پر کوئی توجہ دی اور انہوں نے اس دوران اسلام آباد پر چڑھائی اور پاکستانی معیشت کو تباہ کرنے کے علاوہ کیا کیا، کیا پاکستان کو ہم نے اس جتھے کے حوالے کرنا ہے، اس تخریب کاری کی پارٹی کے حوالے کرنا ہے یا پھر ہم نے پاکستان کو بنانا اور سنوارنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارا چنار میں قتل وغارت پر دل خون کے آنسو روتا ہے تاہم کتنے افسوس کی بات ہے کہ جس کو حکومت ملی، وہ تحریک انصاف نہیں، تحریک انصاف ہے، انصاف کا قتل ہے یہ پارٹی، اس کی طرف کوئی توجہ نہیں ہے، ان کو کوئی احساس نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پارٹی کا بانی عمران خان سر سے پاؤں تک، جھوٹ بولنے والا شخص ہے، یقین کریں میں نے پاکستان کی تاریخ میں اتنی مذموم سوچ کسی سیاسی جماعت یا شخص میں نہیں دیکھی، انہیں پارا چنار میں خون ریزی بند کرانے کا خیال نہیں آیا، اسلام آباد میں چڑھائی کرنی ہے، ان کو بس یہ پروا ہے کہ کس طرح سے پاکستان کو تباہ کرنا ہے، کس طرح سے ملک کی معیشت کو ڈبونا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمیں یہ بات یقینی بنانی ہے کہ اس طرح کی صورتحال دوبارہ کبھی پیدا نہ ہو۔

بقیہ جات 33

ایک بار پھر موخر ہوگئی۔ سپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند نے جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں ہی بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کی۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت بغیر کسی کارروائی کے 3 دسمبر تک ملتوی کر دی گئی، عدالت نے آج ملزمان کو فرد جرم عائد کرنے کیلئے طلب کر رکھا تھا۔

بقیہ جات 34

پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ ابتدائی فیصلہ یہی تھا کہ ڈی چوک ہی جانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ علی امین گنڈاپور تو چھبیس نمبر چورنگی سے بھی آگے نہیں جانا چاہتے تھے، وہ پریشان تھے، ڈی چوک نہیں جانا چاہتے تھے۔ شیر افضل مروت کے مطابق علی امین گنڈاپور دوبار بشریٰ بی بی کی گاڑی میں بھی گئے، مگر ان کی بشریٰ بی بی سے تکرار کا مجھے علم نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ قائدین کے کنٹینرز کی بجلی کاٹ دی گئی، ان کے پاس ٹیکنیکل لوگ بھی نہیں تھے جو کنٹینر کور پیپر کر دیتے، میں نے بھی دیکھا کہ وہاں کسی کی ڈیوٹی نہیں لگائی گئی تھی کہ کارکنوں کو ہدایات دینی ہیں۔

بقیہ جات 35

کہا کہ سندھ حکومت اب جامعات کو بھی بلدیاتی اداروں کی طرح اپنے رحم وکرم پر رکھنا چاہتی ہے۔ ترجمان ایم کیو ایم نے یہ بھی کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ اور سندھ کابینہ جامعات کی خود مختاری کے لیے واضح پالیسی بنائیں۔

بقیہ جات 36

بچھا دیا جائے گا، ایبی کیبل کی تنصیب سے ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری نہیں ہوسکے گی۔ اے بی کیبل کو ٹمپر کر کے بجلی چوری نہیں ہو سکے گی۔ کمپنی نے 1600 ہائی لاسز والے ٹرانسفارمرز پر سکیٹنگ میٹرز لگانے کا کام منصوبے میں شامل کرلیا ہے، منصوبے کے تحت علاقائی سطح پر بجلی چوری کی مانیٹرنگ کی جاسکے گی۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بجٹ منظور ہونے پر منصوبے کو مکمل کیا جائے گا، مجموعی طور پر 24 ارب روپے کی لاگت سے منصوبہ مکمل ہوگا۔

بقیہ جات 37

، آزادی اظہار پر جو پابندی آج ہے مارشل لاز کے ادوار میں بھی نہیں تھی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری جنرل امیر العظیم، نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ڈی چوک پر حکومت نے سفاکیت کا مظاہرہ کیا، گولیاں چلا کر قوم کو پیغام دیا گیا کہ کوئی فارم 47 کی جعلی حکومت کے خلاف احتجاج کی جرات نہ کرے، یہ قابل قبول نہیں، ظلم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، قوم کو سیاسی اعتبار سے بانجھ کیا جائے گا تو ٹھیک نہیں ہوگا، عوام اس ملک کے وارث ہیں اور آئین انہیں پرامن احتجاج کی اجازت دیتا ہے، پی ٹی آئی سے سیاسی اختلاف کیا جاسکتا ہے تاہم کسی بھی پارٹی کے کارکن قوم کے ماتھے کے جھومر ہوتے ہیں، بلوچستان اسمبلی کی پی ٹی آئی پر پابندی کی قرارداد قابل مذمت اور شرمناک ہے۔ ڈی چوک سانحہ سیاسی پارٹیوں کے لیڈران کے لئے بھی سبق ہے، کارکنوں کو نہتے چھوڑ کر لیڈران کا غائب ہوجانا ایک سوالیہ نشان ہے، سیاسی پارٹیوں کو فیملی انٹرپرائز یا اب پیتوں اور وڈیروں کی ملکیت نہیں جمہوری ہونا چاہیے۔ سٹاک مارکیٹ میں بہتری کے دعوے کرنے والے بتائیں عوام کو کیا ریلیف ملا ہے؟ 29 نومبر کو پوری دنیا میں یوم یکجہتی فلسطین منایا جارہا ہے، عالمی طاقتیں جنگ بندی کرائیں، اسلامی ممالک اہل غزہ کی مدد کے لیے عملی اقدامات کریں۔ امیر جماعت نے کہا کہ فوج ایک طرف قربانیاں دے رہی ہے دوسری جانب چند لوگوں کی وجہ سے عوام اور فوج میں دوریاں پیدا ہورہی ہیں، ملک میں کچھ بھی ہوجائے تو انگلی اسٹیبلشمنٹ کی طرف اٹھائی جاتی ہے، اداروں کو سوچنا پڑے گا کہ ایسا کیوں ہورہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ فارم 47 سے بنی اسمبلیوں سے قراردادیں پاس ہورہی ہیں، جعلی وزیر اعظم اور حکومت ملک کے اہم فیصلے کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں پر گولیاں برسانے کے بعد معلومات تک رسائی پر پابندی لگادی گئی، وزیر داخلہ بڑی ڈھٹائی سے کہہ رہے ہیں کہ کوئی مرا ہے تو سامنے لایا جائے، اس طرح کا طرز عمل انتہائی شرمناک ہے، واقعہ کے نتیجہ میں پوری قوم غمگین اور غصہ میں ہے، ہمارے پاس پانچ افراد کے اعداد وشمار ہیں جو فائرنگ کے نتیجہ میں جاں بحق ہوئے۔ پی ٹی آئی نے لشکرکشی کی تو بتایا جائے کہ انہوں نے پشاور سے اسلام آباد تک کہاں گولیاں چلائیں؟ حکومت کی توجہ صرف اس بات پر مرکوز ہے کہ کوئی اس کے خلاف احتجاج نہ کرے، پورا ملک سیل کردیا جاتا ہے۔ حکومت کو فکر نہیں کہ بلوچستان لہولہان ہے، کے پی میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کو شہید کیا جارہا ہے، کرم میں سیز فائر کے باوجود بارہ لوگ مارے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس اب بھی وقت ہے کہ لوگوں کے زخموں پر مرہم رکھے، عوام کو ریلیف دے اور چوبیس سے چھبیس نومبر تک ہونے والے واقعات کی آزادانہ تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں عوام کی سوچ پر پہرے نہیں بٹھائے جاسکتے، آزادی اظہار رائے اور میڈیا پر پابندی لگا کر حقائق کو چھپایا نہیں جاسکتا، اس سے مزید افواہیں پھیلتی ہیں اور لوگ اپنی رائے قائم کرلیتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ سٹاک مارکیٹ میں بہتری کے دعوے کرنے کا مطلب ہرگز نہیں کہ معیشت بہتر ہوگئی ہے، سب جانتے ہیں یہ سٹے کا کاروبار ہے۔ عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا ہے، قومی اداروں کو اونے پونے داموں فروخت کیا جارہا ہے، مہنگائی بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، بچوں کو کوالٹی ایجوکیشن میسر نہیں، پنجاب حکومت سکولوں کو این جی اوز کے حوالے کررہی ہے، بجلی، پٹرول اور اشیائے خورونوش کی قیمتیں کم نہیں ہورہیں۔ سترستر ہزار تک جعلی ووٹ ڈلوا کر اسمبلیوں میں پہنچنے والے اور وزیر اعظم بننے والے جان لیں کہ وہ مکمل ناکام ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلاخوف حق بات کرتی رہے گی، عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ جات 38

ہیومن رائٹس سوسائٹی آف پاکستان کے صدر عاصم ظفر اور احمد شہزاد نے کہا کہ ہمارا ملک بہترین وسائل اور بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہے۔ عام آدمی سے لیکر حکمرانوں تک ہر شخص ایمانداری سے محنت کرے تو ہم عظیم مملکت بن سکتے ہیں۔ اس موقع پر احمد شہزاد نے اپنی جدوجہد کی داستان بیان کرنے کے ساتھ ساتھ برطانیہ اور پاکستان کی تہذیبی اور ثقافتی زندگی کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ اور بتایا کہ کس طرح ان اقوام نے ترقی کی منازل طے کیں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ہر طرح کے وسائل موجود ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وسائل کا صحیح استعمال کیا جائے اس کے لیے عام آدمی سے لے کر اوپر رہنماؤں کی سطح پر اخلاص کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان اس سلسلہ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں ہمیں ان نوجوانوں خصوصا لڑکیوں کی تعلیم بالخصوص خصوصی توجہ دینی چاہیے پاکستان کے معاشی مسائل کا طرز کرا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں اوورسیز پاکستانیوں کا کردار انتہائی اہم ہے اور اوورسیز پاکستانی ہمارا اثاثہ ہیں مگر اوورسیز پاکستانی اس صورت میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں جب یہاں ان پر اعتماد کی فضا ہو انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ مغربی دنیا اپنے آپ کو انسانی حقوق کی چیمپئن قرار دیتی ہے مگر فلسطینی عوام کے خلاف اسرائیل کی جارحانہ کارروائیوں کے سلسلہ میں کسی بھی مغربی ملک نے اسرائیلی مظالم کے خلاف آواز بلند نہیں کی۔ اس سلسلہ میں مسلم امہ کا کردار بھی کوئی قابل تحسین نہیں ہے مسلم امہ نے بھی فلسطینیوں کا اس طرح سے ساتھ نہیں دیا جس طرح سے دینا چاہیے تھا تقریب میں ہیومن رائٹس سوسائٹی آف پاکستان کے صدر عاصم ظفر نے ڈی چوک اسلام اباد میں ہونے والے واقعہ پر افسوس کا اظہار اور اس واقعے کی مذمت بھی کی اور فیکٹ فائنڈنگ کمیشن کا مطالبہ کیا۔ شرکائے اجلاس نے متفقہ طور پر اس قرارداد کو منظور کیا ہے۔

بقیہ جات 39

ٹیچر ایجوکیشن (NIETE) اور لمز سکول آف ایجوکیشن کے اشتراک سے جاری اساتذہ کے تربیتی منصوبے پر بریفنگ دی گئی۔ پروفیسر احسن اقبال نے تجویز کردہ تعلیمی اصلاحات پر بات کرتے ہوئے اخلاقی بنیادوں کی بحالی اور نوجوانوں میں عالمی تناظر کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے تعلیمی نظام کو ٹیم ورک، تعاون اور اجتماعی کامیابیوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ وزیر نے اساتذہ کے کردار کو ”علم کے منتظمین“ کے طور پر اجاگر کیا اور کہا کہ وہ مستقبل کے لیڈرز کو زندگی کی مہارتوں اور مضبوط سماجی شعور سے لیس کریں۔ اجلاس میں ملک کے تعلیمی نظام کی بڑی خامیوں پر روشنی ڈالی گئی، جن میں 18 لاکھ اساتذہ کو جدید چیلنجز کیلئے تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، بڑھتی ہوئی آبادی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے 10 لاکھ نئے اساتذہ کی ضرورت ہوگی۔ وزیر نے عالمی معیار کی تربیتی پروگراموں کی اہمیت پر زور دیا تا کہ 21 ویں صدی کی تعلیمی ضروریات کے مطابق ہم آہنگی پیدا کی جاسکے۔ پیش کردہ تجاویز میں فن لینڈ، سنگاپور، آسٹریلیا، اور ویتنام جیسے ممالک کے بہترین طریقوں کو اپنانے کی بات کی گئی، جن میں نظریہ اور عملی تربیت کو جوڑنا، تبدیلی کے لیے موزونیت کو فروغ دینا، اور کیریئر کی ترقی سے منسلک تربیتی سرٹیفکیشن شامل ہیں۔ پروفیسر احسن اقبال نے ہیڈ ماسٹر اور ہیڈ مسٹریس کے لیے لازمی سرٹیفکیشنز کی ضرورت پر زور دیا تا کہ ان کی قیادت کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جاسکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سرکاری سکولوں کو بنیادی مہارتیں سکھانے کے لیے تیار کیا جائے، تا کہ اصلاحات کے معاشرتی فوائد کو وسیع پیمانے پر حاصل کیا جاسکے۔ اجلاس میں روڈ میپ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں عالمی شراکت داری، نصاب کی ترقی، اور اساتذہ کی تربیت اور 21 ویں صدی کی مہارتوں کے لیے عالمی معیارات کے قیام کے ذریعے بین الاقوامی شناخت کے حصول پر زور دیا گیا۔

بقیہ جات 40

منشیات فروشوں اور اسمگلرز کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ماڈرن ڈرگز کی خرید وفروخت، آن لائن سپلائی اور استعمال کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز میں تیزی لائی جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے نوجوان نسل کو منشیات سے بچانے کے لئے تعلیمی اداروں کی انتظامیہ سے متواتر رابطہ رکھنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں کے گردونواح میں روزانہ کی بنیاد پر سرچ و کومبنگ آپریشنز کئے جائیں۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ منشیات کی سپلائی چین میں ملوث ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر کرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔ انہوں نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا کہ منشیات سے پاک لاہور کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ جات 41

دوران 2 ملزمان سے 10 کلو چرس برآمد کی گئی تھی۔

بقیہ جات 42

مقدار مقرر کردہ مقدار سے انتہائی کم پائی گئی، ڈیڑھ لیٹر کے 142 کریٹ ضبط کر کے سیمپل تفصیلی جائزے کے لیے لیبارٹری بھجوادیئے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ زمین پر اشیا موجود، ایکسپائرڈ اشیا کے لیے الگ خانہ موجود نہ تھا، انتہائی لازم خرید ریکارڈ اور ضروری دستاویزات بھی عدم موجود تھیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ ناقص جعلی کولڈ ڈرنکس کا بیجا استعمال گردوں اور آنتوں کو متاثر کرتا ہے، جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے والے عناصر کو ہر صورت ٹف ٹائم دے رہے ہیں، خوراک کا کاروبار مقرر کردہ قوانین کے مطابق کریں، ٹیمیں مسلسل چیکنگ کررہی ہیں۔

بقیہ جات 43

میوا شاہ روڈ پہنچا اور دونوں اترے تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔ جاں بحق ہونے والے مرد کی شناخت عطاء اللہ کے نام سے ہوئی جبکہ خاتون کی شناخت نہیں ہوسکی۔ دونوں کا تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور وہ کراچی میں گھر والوں سے چھپ کر رہ رہے تھے۔ خاتون پہلے سے شادی شدہ تھی، جبکہ مقتول عطاء اللہ کے گھر والوں نے لاش لینے سے انکار کرتے ہوئے پولیس کو لاش کو لاوارث دفنانے کا کہہ دیا ہے۔

بقیہ جات 44

زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، گلبرگ میں ٹریفک حادثے کا زخمی دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا، چونگی ملتان روڈ پر 40 سالہ شخص سڑک کنارے مردہ حالت میں ملا۔ جاں بحق ہونے والے تمام افراد کی شناخت نہ ہوسکی۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ جات 45

اور اس کی بیوی حافظہ شانہ اور ان کی بیٹی ایزل امانت کو چھریوں کے وار سے قتل کیا تھا، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر نے ملزمان کے خلاف شہادتیں عدالت میں پیش کیں۔

بقیہ جات 46

صنعتی وتجارتی مراکز اور تاجروں وصنعتکاروں کو سازگار حالات دے کر ہی ملک میں معاشی استحکام آئے گا۔

بقیہ جات 47

معاشی پالیسیز کا براہ راست تعلق ہے۔ ملکی اندرونی کاروباری ومعاشی ذرائع اگر مضبوط نہ ہوں تو بیرونی قرضوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ بیرونی قرضے معیشت کی جڑوں کو کمزور اور مہنگائی کو پروان چڑھانے کا باعث بنتے ہیں۔ بیرونی قرضوں کی بھرمار نے اندرونی ملکی معاشی صورتحال کو شدید مخدوش بنادیا ہے۔ ملکی معاشی حالات میں بہتری کیلئے فی الفور ریلیف دینے کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ جات 48

راستوں کی بندش کی وجہ سے شدید پریشان کن رہے ہیں۔ راستے کھلنے سے ہمارے کاروبار بہتر ہوں گے۔ سبزی منڈی کی منتقلی کے حوالے سے بھی آڑھتیوں کو آن بورڈ لے کر فیصلے کئے جائیں۔

بقیہ جات 49

دروغہ والا اور لاہور بھر کی صنعتوں کے مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کروائیں گے۔ رمیض دیوان نے گورنر پنجاب کے بھرپور تعاون اور انڈسٹری کے مسائل کیلئے مثبت خیالات پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر چیئرمین فٹ ویئر ایسوسی ایشن اکرم دیوان بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 50

راہ تکتی ہوئی نظر نہیں آرہی۔ صنعتی وکاروباری امور کی خوشحالی مہنگائی اور ٹیکسوں میں کمی سے ہی یقینی بن سکتی ہے۔ حکومت سبسڈیز دینے کا اعلان کرے اور بجلی پٹرول ودیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں میں ریلیف فراہم کرے۔ ملک میں معاشی استحکام خوشحالی اور ترقی تاجروں صنعتکاروں کو ریلیف دے کر ہی آئے گی۔ مہنگائی کا قلع قمع ہی ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر کے معیشت کو مضبوط بنا سکتا ہے۔

بقیہ جات 51

کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی محمد نوید نے کہا کہ شہریوں کو فوری اور بروقت انصاف کی فراہمی سے ہی امن وامان کا قیام ممکن ہے، انہوں نے کہا کہ شہریوں کیساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں، محمد نوید نے کہا کہ عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔

بقیہ جات 52

قربانیاں قابل تحسین ہیں اور ہم سب ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ فلسطینیوں کی جدوجہد ایک دن ضرور کامیاب ہوگی۔

بقیہ جات 53

مریضوں کو علاج کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ یو ای ٹی کو فخر ہے کہ وہ پنک ربن کے ساتھ مل کر ملک کے ایک اہم صحت کے مسئلے میں اپنی فیکلٹی اور طلبہ کی مہارتوں کو معاشرتی اثرات پیدا کرنے کیلئے استعمال کرے گی۔ تقریب میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر اور سی ای او پنک ربن عمر آفتاب نے زیمل سوسائٹی کی ایڈوائزر ڈاکٹر ریحانہ شریف، رجسٹرار محمد آصف، ڈائریکٹر ایکسٹرنل لنکیج ڈاکٹر محمد شفیق، صدر زیمل سوسائٹی مہیرا خالد اور دیگر کی موجودگی میں معاہدہ پر دستخط کئے۔ اس اشتراک کے ذریعے، یہ ادارے کمیونٹی کو تعلیم دینے، خواتین کو بااختیار بنانے، اور صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے کام کریں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے اس اقدام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یو ای ٹی خواتین کی صحت میں بہتری اور جان بچانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ جات 54

اسلام آباد کی پی کی پرواز پی کے 370 منسوخ کی گئی ہے۔ لاہور سے دبئی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 204 بھی منسوخ کردی گئی جبکہ مختلف ایئرپورٹس پر آمد اور روانگی کی 30 پروازوں میں تاخیر ہوئی۔

بقیہ جات 55

ریکارڈ بنائے جا رہے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ہر برس فلسطین سے صرف یکجہتی کی جاتی ہے لیکن عملا دنیا اہل یہود کے زیر اثر ہے، جبکہ اقوام متحدہ آج تک مقبوضہ کشمیر اور فلسطین سے متعلق اپنی قراردادوں پر عمل تک نہ کراسکا، مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے حالات آج اقوام متحدہ کے قیام پر سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ جات 56

ریلیز پولیس کی آفیشل ویب سائٹ، سوشل اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔

بقیہ جات 57

اہم شعبہ ”تھیٹر“ میں ماہر بنانا ہے۔ 15 برس سے زائد عمر کے نوجوان 10 دسمبر تک 5000 روپے میں اپنی رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ 11 دسمبر 2024 سے شروع ہونے والی ورکشاپ 10 جنوری 2025 تک جاری رہے گی۔ ورکشاپ میں تھیٹر کی دنیا کے معتبر نام نوجوانوں کو تربیت فراہم کریں گے۔

بقیہ جات 58

صدر انجینئر خالد عثمان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین خرم لودھی، احسن شاہد، وقاص اسلم، احمد امین ملک، منیب منوں، سید سلمان علی، علی عمران، آصف ملک اور فردوس نثار بھی تقریب میں موجود تھے۔ ازبک سفیر علی شیر توقا یف نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے وسیع امکانات موجود ہیں اور جلد ہی دوطرفہ تجارت نئی بلندیوں کو چھوئے گی۔

بقیہ جات 59

اے، سیکرٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیکرٹری وزارت قانون اور دیگر متعلقہ وزارتوں ومحکموں کے سینئر افسران شریک ہوئے، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ نے ورچوئلی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور پی ٹی اے کی جانب سے نومبر 2024 میں پی پی آر اے قواعد کے تحت امریکی مشاورتی فرم نیرا کی خدمات حاصل کرنے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ نیرا کا کام پاکستانی مارکیٹ کا تجزیہ، متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت اور شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے پالیسی سفارشات مرتب کرنا ہے، یہ سفارشات آئندہ سال اپریل تک اسپیکٹرم نیلامی کی کامیابی کے لیے روڈ میپ فراہم کریں گی۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل انضمام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ملک میں کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ جات 60

کارڈیالوجی ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو کامیاب بنائیں گے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے عوام کو الحمدللہ بہترین ثمرات حاصل ہو رہے ہیں۔ کارڈیوسکولر بیماریوں کے شکار مریضوں کو جدید علاج و معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ماہرین کی مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔

آئی ایم ٹی سپیکٹرم کی نیلامی کا عمل شفاف، منصفانہ، موثر بنانے پر اتفاق

جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز، انقلابی ایپلیکیشنز کے ذریعے معیشت کی تبدیلی، مختلف شعبوں میں سماجی واقتصادی ترقی کے اہداف کا حصول یقینی بنایا جاسکتا ہے

حکومت ملک میں کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہے، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزارت خزانہ میں آئی ایم ٹی اسپیکٹرم کی نیلامی کے ذریعے پاکستان میں جدید موبائل براڈ بینڈ سروسز کے فروغ کے حوالے سے مشاورتی کمیٹی کا اجلاس وزیر خزانہ کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین، چیئرمین پی ٹی (بقیہ نمبر 59)

لاہور، ایگزیکٹوڈائریکٹر الحمراء سارہ رشید سے نامور اداکار افتخار ٹھاکر ملاقات کررہے ہیں

ازبک سفیر کی جانب سے لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو کو ازبکستان کے دورہ کی دعوت

لاہور (این این آئی) ازبکستان کے سفیر علی شیر توقتایف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو کمیٹی ممبران کو ازبکستان کے دورے کی خصوصی دعوت دی ہے۔ لاہور چیمبر میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تاشقند سے لاہور پہلی براہ راست پرواز کو پاک ازبک تعلقات میں ایک تاریخی پیش رفت قرار دیا جو دونوں ممالک کے تجارتی اور ثقافتی روابط کو مزید فروغ دے گی۔ صدر میاں ابوذر شاد نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سینئر نائب (بقیہ نمبر 58)

ایگزیکٹوڈائریکٹر الحمراء سارہ رشید سے اداکار افتخار ٹھاکر کی ملاقات

الحمراء ایکٹنگ، ڈائریکشن اور رائیٹنگ میں ایک ماہ کی تھیٹر ورکشاپ کا انعقاد کرے گا

لاہور (این این آئی) ایگزیکٹوڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمراء سارہ رشید کے ساتھ نامور اداکار افتخار ٹھاکر نے ملاقات کی، ملاقات میں اہم اُمور پر گفتگو ہوئی۔ سارہ رشید نے فیصلہ کیا کہ الحمراء اپنے لیجنڈ کی مہارتوں سے مستفید ہونے کے لئے ایکٹنگ، ڈائریکشن اور رائیٹنگ کے شعبوں میں ایک ماہ کی تھیٹر ورکشاپ کا انعقاد کرے گا۔ ورکشاپ کا مقصد آج کی نوجوان نسل کو فنون لطیفہ کے (بقیہ نمبر 57)

سوشل میڈیا پر گردش پاکستان ریلویز میں بھرتیوں کا اشتہار جعلی ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں پر ترجمان ریلویز کا بیان سامنے آ گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلویز پولیس میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والا اشتہار دراصل جعلی ہے۔ ترجمان ریلویز پولیس کے مطابق جعلی اشتہار پھیلانے کا مقصد دھوکہ دہی اور فراڈ کے ذریعے پیسے ہتھیانا ہے، لہٰذا عوام اس جعلی اشتہار پر یقین نہ کریں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ریلویز پولیس میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے اشتہار جاری ہونے پر باقاعدہ طور پر (بقیہ نمبر 56)

دہشتگرد یہودی فلسطینی معصوم بچوں کو بھی قتل کررہے ہیں، کامران ٹیسوری

ظلم، بربریت، فسطائیت، قتل وغارتگری، انسانیت کی بدترین پامالی کے ریکارڈ بنائے جارہے ہیں

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ دہشتگرد یہودی آج فلسطین کے معصوم بچوں کو بھی قتل کررہے ہیں۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے عالمی دن پر پیغام دیتے ہوئے کہا کہ مقدس سرزمین فلسطین پر یہودیوں نے کئی دہائی قبل غاصبانہ قبضہ کیا، فلسطین میں ظلم، بربریت، فسطائیت، قتل وغارتگری، انسانیت کی بدترین پامالی کے (بقیہ نمبر 55)

پاکستان ریلوے کی آمدن تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کی آمدن تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ ریلوے نے پانچ ماہ میں مسافر ٹرینوں اور مال گاڑیوں سے 33 ارب روپے کما لیے۔ سی ای او ریلوے عامر علی بلوچ نے بتایا کہ پچھلے سال اسی دورانیہ میں 29 ارب آمدن ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ مارچ 2025 تک ایم ایل ون پر گراجونڈ ورک شروع ہونے کا روشن امکان ہے۔

کراچی سے لاہور، کوئٹہ، ملتان اور اسلام آباد کی 7 پروازیں منسوخ

لاہور سے دبئی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 204 منسوخ، آمد اور روانگی کی 30 پروازوں میں تاخیر

کراچی (این این آئی) آپریشنل مسائل کے باعث گزشتہ روز کراچی سے لاہور، کوئٹہ، ملتان اور اسلام آباد کی 7 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق پی آئی اے کی کراچی سے لاہور کی 2 پروازیں پی کے 303، 341 منسوخ کر دی گئیں۔ کراچی سے کوئٹہ کی 2 پروازیں پی کے 310، 311 منسوخ کی گئی ہیں۔ کراچی سے ملتان کی پرواز پی کے 330 اور کراچی سے (بقیہ نمبر 54)

پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس کی مناسبت سے ریلی نکالی جارہی ہے

کارڈیک پروگرام کو کامیاب بنائیں گے، خواجہ سلمان رفیق

وزیراعلیٰ صوبہ بھر کے کارڈیالوجی ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سٹیئرنگ/ایڈوائزری کمیٹی برائے کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ سٹیئرنگ کمیٹی کے ممبران نے اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز پر اہم فیصلے کیے۔ اجلاس کے دوران نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ اجلاس کے دوران پنجاب میں کارڈیو ویسکولر بیماریوں کا شکار مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر کے (بقیہ نمبر 60)

او پی سی پنجاب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اپنا دفتر ہے، بیرسٹر امجد ملک

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ایک ہی جگہ پر مختلف خدمات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

لاہور (این این آئی) وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اپنا دفتر ہے، سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اس دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، اس دفتر کا مقصد پنجاب حکومت اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے درمیان روابط کو مزید مستحکم بنانا ہے اور ان کے مختلف مسائل کے حل کے لئے آسان اور موثر طریقے فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دفتر میں بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے حقوق کے تحفظ، قانونی معاملات، جائیداد کے مسائل اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں ہمہ وقت معاونت حاصل کرسکتے ہیں

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کے موقع پر چیئرمین نارتھ لاہور انڈسٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان، چیئرمین فٹ ویئر ایسوسی ایشن اکرم دیوان کا گروپ فوٹو

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کا ڈینٹل ڈگری کو 5 سالہ کرنے کا فیصلہ

4 سالہ ڈگری کی وجہ سے پاکستانیوں کو بیرون ملک تعلیم، نوکریوں کے حصول میں مشکلات تھیں، ترجمان

لاہور (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے بھی ڈینٹل کی ڈگری کو 5 سالہ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے اس سلسلے میں تمام یونیورسٹیوں کو احکامات جاری کردیئے۔ ترجمان پی ایم ڈی سی کے مطابق ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پہلے ہی بی ڈی ایس کی ڈگری 5 سال کی کردی ہے اور اب کونسل نے پاکستان کی تمام میڈیکل یونیورسٹیوں کو مراسلہ جاری کردیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ 4 سال کی ڈگری کی وجہ سے پاکستانیوں کو بیرون ملک تعلیم اور نوکریوں کے حصول میں مشکلات تھیں لہٰذا پانچواں سال کلرک شپ کا ہوگا جس کے بعد ایک سالہ ہاؤس جاب ہوگی۔ ترجمان کے مطابق بی ڈی ایس 5 سالہ کرنے کا فیصلہ سیشن 2024-25 سے نافذ العمل ہوگا۔

یو ای ٹی لاہور اور پنک ربن پاکستان کے مابین اشتراک

زیمل سوسائٹی یو ای ٹی اور پنک ربن کے درمیان بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی کیلئے معاہدے پر دستخط

لاہور (این این آئی) زیمل سوسائٹی یو ای ٹی اور پنک ربن پاکستان کے درمیان بریسٹ کینسر کے خلاف آگاہی بڑھانے اور خواتین کی صحت کے اقدامات اٹھانے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ معاہدے کا مقصد مشترکہ آگاہی مہمات، تعلیمی ورکشاپس، تحقیقی منصوبے اور پاکستان کے پہلے خصوصی بریسٹ کینسر اسپتال کی تکمیل کے لیے تعاون فراہم کرنا ہے، جو سالانہ 40,000 (بقیہ نمبر 53)

فلسطینیوں کی جدوجہد ایک دن ضرور کامیاب ہوگی، سارہ احمد

عالمی برادری معصوم فلسطینی بچوں، خواتین کے قتل عام کو روکنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے فلسطین سے اظہار یکجہتی کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم اسرائیلی مظالم کا شکار فلسطینی بھائیوں اور بہنوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ معصوم فلسطینی بچوں اور خواتین کے قتل عام کو روکنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے۔ فلسطینی عوام کی (بقیہ نمبر 52)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ایم کیو ایم کا سندھ کی جامعات سے سیاسی مداخلت بند کرنے کا مطالبہ

سندھ حکومت اب جامعات کو بھی بلدیاتی اداروں کی طرح اپنے رحم وکرم پر رکھنا چاہتی ہے، ترجمان

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے انجمن اساتذہ جامعہ کراچی اور فیڈریشن آف آل پاکستان اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن (فپواسا) کے مطالبات کی حمایت کردی ہے۔ ترجمان ایم کیو ایم نے سندھ کی جامعات میں سیاسی مداخلت بند کرنے کا مطالبہ کیا۔ ترجمان ایم کیو ایم نے (بقیہ نمبر 35)

لیسکو نے بجلی چوری کی روک تھام کیلئے میگا پراجیکٹ پر کام شروع کردیا

بجلی چوری کی شرح زیادہ ہونے پر 100 الیون کے وی فیڈرز پر جدید تاریں بچھانے کا فیصلہ کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے بجلی چوری کی روک تھام کیلئے میگا پراجیکٹ پر کام شروع کردیا۔ بجلی چوری کی شرح زیادہ ہونے پر 100 الیون کے وی فیڈرز پر جدید تاریں بچھانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ 70 سے 80 فیصد تک بجلی چوری ہونے پر ایریل بنڈل کیبل (بقیہ نمبر 36)

دفتر محتسب پنجاب کی کاوشوں سے 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 9 کنال سرکاری زمین واگزار

لاہور (این این آئی) دفتر محتسب پنجاب کی کاوشوں کے نتیجے میں صوبہ بھر سے 9 کنال 7 مرلے سرکاری زمین واگزار کروالی گئی ہے، جس کی مجموعی مالیت 12 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ یہ کارروائی سرکاری رقبے پر قبضہ اور گزرگاہوں کی بحالی سے متعلق متعدد شکایات کے بعد کی گئی۔ محتسب پنجاب کی ہدایات پر متعلقہ صوبائی محکمہ جات نے فوری اقدامات کرتے ہوئے اس زمین کو قبضہ مافیا سے واگزار کروا لیا۔ تفصیلات کے مطابق، دفتر محتسب پنجاب میں شکایت کنندگان نے سرکاری زمین اور گزرگاہوں پر ناجائز قبضے سے متعلق شکایات درج کرائیں۔

مہمند، گھر پر دستی بم حملہ، بچی جاں بحق، 5 افراد زخمی

مہمند (این این آئی) مہمند کے علاقے چارگلی میں گھر پر دستی بم حملے میں بچی جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کے مطابق دستی بم حملے میں 5 افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ دستی بم دھماکے کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تھا۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کردی ہے۔ پولیس کی جانب سے دستی بم حملے کے ملزمان کو گرفتار کرنے کی کوشش جاری ہے۔

اسلام آباد، پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، سید قائم علی شاہ و دیگر رہنما 57 ویں یوم تاسیس کے حوالے سے کیک کاٹ رہے ہیں

صوبائی وزیر رمیش سنگھ کی بورڈ آف ریونیو کے نمائندگان سے ملاقات

مذہبی اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی بھی موجود، مذہبی اقلیتوں کی اراضی کے تحفظ بارے تفصیلی بات چیت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے بورڈ آف ریونیو کے نمائندوں سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں پنجاب میں اقلیتوں کے لیے اراضی کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اہم اقدامات پر بات چیت کی گئی۔ اس ملاقات کا مقصد وزارت اور محکمے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا تھا تاکہ اقلیتوں کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی دی جاسکے اور اراضی کی ملکیت کے حوالے سے ان کی رہنمائی کی جا سکے۔ ملاقات میں سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین، ممبران صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) ایمانوئیل اطہر، بابا فیلبوس کرسٹوفر، شکیلہ آرتھر، پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور سونیا آشر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بورڈ آف ریونیو کے نمائندگان نے صوبائی وزیر کو پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پروجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی

طاقت کے زور پر بلوچستان میں کسی صورت امن نہیں ہوسکتا، عبدالغفور حیدری

سکھر/جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکریٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ بامقصد مذاکرات کے ذریعے ہی بلوچستان میں امن ہوسکتا ہے، طاقت کے زور پر بلوچستان میں کسی صورت امن نہیں ہوسکتا، ریاست پاکستان میں روز اول سے بلوچستان کی عوام سے زیادتی کی گئی، اب ایسی زیادتی کی جارہی ہے کہ روزانہ لاشیں مل رہی ہیں، روزانہ کی بنیاد پر لاشیں گر رہی ہیں، پھر وہ کہتے ہیں مزاحمت کیوں کرتے ہیں،

اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سی ٹی ڈی سپیشل سکواڈ کے آفیسر کی میت کو کندھا دے رہے ہیں

انصاف کی بروقت فراہمی سے ہی معاشرے میں امن قائم ہوگا، محمد نوید

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری

ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد نوید نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری میں شہری کے مسائل سن کر موقع پر انہیں حل کرنے کی ہدایات دیں

عوام الناس کے مسائل کے حل کیلئے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد نوید کا کھلی کچہری سے خطاب

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری لگائی۔ اس موقع پر انچارج انویسٹی گیشنز اور تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے امسائل سنے اور موقع پر ہی انہیں حل کرنے کی ہدایات دیں۔ ایس۔ ایس پی انوسٹی گیشن نے تفتیشی افسران کو میرٹ پر مقدمات کی یکسوئی کی سخت ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کی تفتیش کے حوالے سے عوام الناس (بقیہ نمبر 51)

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین چائنیز قونصلیٹ میں چینی قونصل جنرل ملاقات کررہے ہیں

لودھراں، طالبہ سے زیادتی، دھمکی سے لڑکی 9 ماہ تک خاموش رہی، پرنسپل گرفتار

لودھراں (این این آئی) لودھراں میں نجی اسکول کے پرنسپل کو طالبہ سے مبینہ زیادتی کے جرم میں گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق لودھراں کے نجی اسکول میں مبینہ زیادتی کا واقعہ پیش آیا جس کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ بچی کے والد کی مدعیت میں درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق والد کا دعویٰ ہے کہ پرنسپل کی دھمکی پر بیٹی 9 ماہ تک خاموش رہی اور کچھ نہیں بتایا۔ پولیس نے بچی کا میڈیکل کرانے کے بعد متاثرہ لڑکی کے سیمپل پی ایف ایس اے کو بھجوادیے ہیں جب کہ پرنسپل کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

راستوں کی بندش کے ختم ہونے سے شدید تشویش کی لہر دم توڑ گئی، اعجاز چوہدری

وزیراعلیٰ پنجاب منڈی کی منتقلی کے حوالے سے بھی ہمارے ساتھ مشاورت کرکے فیصلے کریں

لاہور (سٹی رپورٹر) انجمن آڑھتیاں مرکزی سبزی منڈی بادامی باغ کے صدر اعجاز چوہدری نے کہا ہے راستوں کی بندش کے ختم ہونے سے شدید تشویش کی لہر دم توڑ گئی ہے۔ پنجاب حکومت اور وفاقی حکومت کے بھرپور تعاون پر شکرگزار ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف منڈی کی منتقلی کے حوالے سے بھی ہمارے ساتھ مشاورت کرکے فیصلے کریں۔ سبزی منڈیوں کے حالات (بقیہ نمبر 48)

تہرے قتل کیس، دو ملزمان کو 3،3 بار سزائے موت، 15،15 لاکھ جرمانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سیشن عدالت نے تہرے قتل کیس کے دو ملزمان کو تین، تین بار سزائے موت اور 15،15 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم جاری کردیا۔ ایڈیشنل سیشن جج افتخار حسین نے تہرے قتل کیس کا فیصلہ سنایا، عدالت نے تمام ترشواہد اور گواہوں کے بیانات کی روشنی میں ملزمان کو سزا کا حکم سنایا۔ عدالت نے ملزم محمد شہزاد اور محمد گلزار کو تین، تین بار سزائے موت اور جرمانے کی سزا سنائی، ملزمان کے خلاف تھانہ چوہنگ میں 2022ء میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ملزمان نے امانت علی (بقیہ نمبر 45)

صنعتی مراکز کو سبسڈ ائز بجلی، گیس ٹیکسوں میں ریلیف کی ضرورت ہے، اختر علی

صنعتی وتجارتی مراکز، تاجروں وصنعتکاروں کو سازگار حالات دے کر ہی معاشی استحکام آئے گا

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو لائف سٹائل انٹرنیشنل میاں اختر علی نے کہا ہے ملک میں صنعت و تجارت کی ترقی ہی ملکی ترقی سلامتی خوشحالی کی ضامن بن سکتی ہے۔ صنعتی مراکز کو سبسڈ ائز دے کر بجلی اور گیس ٹیکسوں میں ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔ صنعتیں بازار اور مارکیٹیں کروڑوں انسانوں کو روزگار دے رہی ہیں۔ خام مال امپورٹ ایکسپورٹ میں سازگار حالات آسان میکنزم دیا جائے۔ (بقیہ نمبر 46)

لاہور کے مختلف علاقوں سے 6 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں سے 6 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق ٹبی سٹی کے علاقہ سے 25 سالہ نوجوان کی لاش برآمد ہوئی، بھاٹی گیٹ کے علاقہ سے 50 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا، نواں کوٹ کے علاقہ سے 65 سالہ بزرگ شہری فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، گارڈن ٹاؤن میں ٹریفک حادثے کا زخمی نوجوان (بقیہ نمبر 44)

بیرونی قرضے معیشت کی جڑوں کو کمزور کرنے کا باعث بنتے ہیں، صفدر حسین

معیشت کی خوشحالی تاجر صنعتکار سے عام آدمی تک مسائل میں کمی لائے گی، بیان

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو کارپٹ کیبلز اینڈ وائرز میاں صفدر حسین نے کہا ہے ملکی معیشت کی خوشحالی تاجر صنعتکار سے عام آدمی تک مسائل میں کمی لائے گی۔ صنعتکار تاجر کو ریلیف سے ہی ملکی معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگی۔ صنعتوں بازاروں مارکیٹوں کی خوشحالی سے ہی معیشت مضبوط ہوتی ہے ملک ترقی کرتے ہیں۔ ملک کے عام آدمی سے لے کر تاجر صنعتکار کارپوریٹ سیکٹر تک (بقیہ نمبر 47)

لاہور، صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مہنگائی کا طوفان، ٹیکسوں کا بے جا نفاذ، حالات شدید دشوار ہو چکے، عظمت شاہ

صنعتی وکاروباری امور کی خوشحالی مہنگائی اور ٹیکسوں میں کمی سے ہی یقینی بن سکتی ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین شاہ عالم بورڈ مارکیٹس وصدر مرکزی تنظیم تاجران لاہور سید عظمت علی شاہ نے کہا ہے مہنگائی کا طوفان، ٹیکسوں کے بے جا نفاذ کے بعد حالات شدید دشوار ہو چکے ہیں۔ عوام کو پٹرول بجلی اور گیس کی قیمتوں میں واضح ریلیف دینے کی اشد ضرورت ہے۔ کاروبار پر بھاری ٹیکسوں سے صنعت و تجارت کی جڑیں کمزور ہورہی ہے۔ ریلیف دیئے بغیر ملکی حالات میں بہتری کی کوئی (بقیہ نمبر 50)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے رمیض دیوان کی ملاقات

صنعتوں کو درپیش مسائل پر تعاون کی یقین دہانی، جلد دورہ کرکے مسائل کے حل میں ہر ممکن مدد کا وعدہ

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین نارتھ لاہور انڈسٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان کی گورنر پنجاب سے ملاقات۔ سردار سلیم حیدر خان سے رمیض دیوان نے صنعتی وکاروباری حلقوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ نارتھ لاہور میں صنعتوں کو درپیش مسائل انفراسٹرکچر، الیکٹرسٹی اور محکموں کے عدم تعاون پر گورنر پنجاب کو آگاہ کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے چیئرمین نارتھ لاہور انڈسٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان سے صنعتوں کو درپیش مسائل پر تعاون کی یقین دہانی کرائی اور جلد دورہ کرکے مسائل کے حل میں ہر ممکن مدد کا وعدہ کیا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے رمیض دیوان کو (بقیہ نمبر 49)

سی سی پی او کی زیر نگرانی انسداد منشیات کارروائیوں میں تیزی

رواں سال 9345 ملزمان گرفتار، 7097 کلو چرس، 407 کلو افیون، 263 کلو ہیروئین برآمد

آن لائن سپلائی اور استعمال کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز میں تیزی لائی جائے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر نگرانی لاہور پولیس نے رواں سال منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 9345 ملزمان کو گرفتار کرکے 9057 مقدمات کا اندراج کیا ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ ملزمان کے قبضہ سے 7097 کلو چرس، 407 کلو افیون، 263 کلو ہیروئین، 163 کلو آئس اور 62347 لیٹر شراب برآمد کی گئی ہے۔ سٹی ڈویژن میں منشیات فروشی کے 2066، کینٹ میں 1964، سول لائنز میں 974، صدر میں 1271، اقبال ٹاؤن میں 1457 اور ماڈل ٹاؤن میں 1613 ملزمان گرفتار کئے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے (بقیہ نمبر 40)

لہور، رکشہ ڈرائیور لوہے کی الماریاں لوڈر رکشے میں رکھ کرلے جارہا ہے

کراچی، نیپئر میں فائرنگ سے خاتون اور مرد جاں بحق

دونوں کا تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور کراچی میں گھر والوں سے چھپ کر رہ رہے تھے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کراچی میں نیپئر روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون اور مرد جاں بحق ہوگئے، دونوں کا تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور کراچی میں گھر والوں سے چھپ کر رہ رہے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق نیپئر روڈ پر میوہ شاہ مسجد کے قریب فائرنگ سے ایک خاتون اور ایک مرد شدید زخمی ہوئے اور اسپتال منتقلی کے دوران راستے میں ہی ہلاک ہوگئے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ خاتون اور مرد رکشا میں کلفٹن سے آئے تھے، ان کے تعاقب میں موٹرسائیکل سوار ملزمان بھی تھے، جیسے ہی رکشا لی مارکیٹ (بقیہ نمبر 43)

شرح سود میں کمی سٹاک مارکیٹ میں تیزی کی بڑی وجہ ہے، ٹیکس ایڈوائزرز

ایف بی آر کے نوٹسز، ایس آر اوز ٹیکس دہندگان کا مقدر بن چکے ہیں، اس روایت کو بدلنا ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ شرح سود میں کمی سٹاک مارکیٹ میں تیزی کی بڑی وجہ ہے، اسی کی وجہ سے پیسے کا بہاؤ سٹاک مارکیٹ کی طرف زیادہ ہوا، بینکوں سے فکسڈ آمدن کے پیسے کا بڑا حصہ بھی سٹاک مارکیٹ کی جانب آیا جس نے مارکیٹ میں اضافے کو جنم دیا، ایف بی آر کے نوٹسز، ایس آر اوز ٹیکس دہندگان کا مقدر بن چکے ہیں لیکن اب اس روایت کو بدلنا ہوگا۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے ٹیکس بار کے وفد سے گفتگو میں کہا کہ حکومتی جتنی خوشی سٹاک ایکسچینج کے اوپر جانے پر منارہی ہے اتنی ہی خوشی تب بھی منانا چاہیے تھی

حکمران طبقے کی خواہش ہے سیاسی ورکر کیلئے پاکستان کو نوگو ایریا بنا دیں، نعیم الرحمان

بلوچستان اسمبلی کی قرارداد قابل مذمت، پی ٹی آئی سے سیاسی اختلاف کیا جاسکتا ہے تاہم کسی بھی پارٹی کے کارکن قوم کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں

26 نومبر کی رات ہونیوالے واقعہ کی تحقیقات کے لیے بااختیار اور بااعتماد جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں پر گولیاں چلانے کے عمل میں ملوث وزیر داخلہ محسن نقوی فوری استعفیٰ دیں، 26 نومبر کی رات ہونے والے واقعہ کی تحقیقات کے لیے بااختیار اور بااعتماد جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، حکومت ایک طرف عوام پر گولیاں چلارہی ہے دوسری جانب میڈیا پر پابندی عائد ہے۔ صحافی مطیع اللہ جان اور شاکر محمود اعوان پر جھوٹے مقدمات ختم کرکے انہیں فوری رہا کیا جائے (بقیہ نمبر 37)

ہمارا ملک بہترین وسائل اور بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہے، احمد شہزاد

عام آدمی سے لیکر حکمرانوں تک ہر شخص ایمانداری سے محنت کرے تو ہم عظیم مملکت بن سکتے ہیں

لاہور (پ ر) ہیومن رائٹس سوسائٹی آف پاکستان کے زیراہتمام جناح باغ میں سابق میئر آف برنٹ لندن احمد شہزاد کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ہیومن رائٹس سوسائٹی آف پاکستان کے صدر عاصم ظفر، صدر لیگل کونسل اشتیاق چوہدری سیکرٹری جنرل اے ایم شکوری، تنویر عباس تابش سمیت مہمانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے۔ (بقیہ نمبر 38)

پشاور، گورنر خیبرپختونخواہ فیصل کریم کنڈی سے خواجہ خرم نعیم ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ اور پشین میں کارروائیاں، 196 کلو چرس برآمد

کچلاک روڈ پر گاڑی سے 20 کلو چرس برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، ترجمان اے این ایف

کچلاک (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے کوئٹہ اور کچلاک میں کارروائیاں کی ہیں۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کچلاک روڈ پر گاڑی سے 20 کلو چرس برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں بھی ایک مکان سے 176 کلو چرس برآمد کی گئی۔ کوئٹہ میں گزشتہ روز سریاب روڈ پر اینٹی نارکوٹکس فورس کی کارروائی کے (بقیہ نمبر 41)

فوڈ اتھارٹی کا چھاپہ، 142 کریٹ کولڈ ڈرنکس ضبط، سپر سٹور بند کردیا

موقع پر کیے گئے ٹیسٹ ناقص، کولڈ ڈرنکس میں برکس کی مقدار مقرر کردہ مقدار سے انتہائی کم پائی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ناقص کولڈ ڈرنکس بیچنے والوں کے خلاف پے در پے کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ٹیموں نے جویاں والا پل پر سپر سٹور پر چھاپہ مار کر 142 کریٹ کولڈ ڈرنکس ضبط کر کے سپر سٹور بند کردیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ موقع پر جدید آلات سے کیے گئے ٹیسٹ ناقص پائے گئے، کولڈ ڈرنکس میں برکس کی (بقیہ نمبر 42)

وکلاء اور پولیس میں تصادم کے باعث راستوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس، اساتذہ کی تربیتی منصوبے پر بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے اساتذہ کے تربیتی انسٹی ٹیوٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے کی خاطر تعلیمی اصلاحات کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزارت تعلیم کے سیکریٹری، ایڈیشنل سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایکسیلنس ان (بقیہ نمبر 39)

لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں میں جعلی ایزولمنٹ کا انکشاف

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں میں جعلی ایزولمنٹ کا انکشاف ہوا ہے۔ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وٹو نے مانیٹرنگ کی ہدایت کردی، اے ای اوز کے ذریعہ طلبہ کی اطلاع کردہ تعداد کم ہوئی تو سخت کارروائی ہوگی۔ اس ضمن میں تمام اضلاع کے سی ای اوز کو ذاتی طور پر پانچ سکولوں کا دورہ کرنے کا حکم دے دیا گیا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور ڈی ای او ایلمنٹری بھی 5،5 سکول وزٹ کریں گے۔ ہر ضلع کے انتظامی افسران روزانہ 20 سکول وزٹ کرکے حاضری کا جائزہ لیں گے۔

فتنے سے جان چھڑانا ضروری، پی ٹی آئی پر پابندی کے حق میں نہیں، حسن مرتضیٰ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے لوگوں کو قومی دھارے میں لانے کے لئے حکومت کو پہل کرنی چاہیے، ہم پی ٹی آئی پر پابندی یا اسے دیوار سے لگانے کے حق میں نہیں، ہمارے ساتھ پی ٹی آئی پر پابندی کی بات نہیں

شیر افضل مروت کو گرفتار نہ کرنے کا حکم، درج مقدمات کی رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی چوک احتجاج پر شیر افضل (بقیہ نمبر 14)

جے آئی ٹی نے امتیاز محمود شیخ کو عسکری ٹاور حملہ کیس میں گناہ گار قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) نو مئی عسکری ٹاور حملہ سمیت 3 مقدمات میں صدر پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 15)

لاہور میں الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی جانب بڑا (بقیہ نمبر 16)

پبلشر وچیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351